DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC REALTEIONS
BALOCHISTAN

نظامتِ اعلی تعلقاتِ عامہ
حکومتِ بلوچستان

NO.DGPR(PRESS CLIPPING)/ 328

DATED 10-04-2026.

**SUBJECT:- PRESS CLIPPINGS.**

*kindly find enclosed here with a set of press clipping of Local/National Newspapers for information and necessary action.*

for (Director General)

*The Press Secretary to*
*Chief Minister, Balochistan, Quetta.*

RAMZAY ROAD QUETTA

PHONE NO: 081-9202548-9201615-9201956, FAX NO.081-9201108
e-mail: dgprquettabalochistan@.com, dgprquetta.advt@gmail.com

CamScanner

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

مورخہ 10.04.2026

| نمبرشمار | اہم قومی ومقامی خبریں | اخبارات |
|---|---|---|
| 01 | صحافیوں کے حقوق کے لیے روز اول سے آواز بلند کر رہا ہوں، گورنر۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 02 | ریاست پر یوتھ کا اعتماد بحال کریں گے بلوچستان کے نوجوان محب وطن سوشل میڈیا پر پروپیگنڈوں کا مقابلہ کریں، وزیراعلیٰ بگٹی۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 03 | کاریزات کے مسئلے کا اتفاق رائے سے قابل عمل حل نکالیں گے، ضیاء لانگو۔ | انتخاب ودیگراخبارات |
| 04 | صوبائی وزیر تعلیم نے اسکولوں میں درسی کتاب کی کمی کا نوٹس لے لیا | مشرق ودیگراخبارات |
| 05 | عالمی امن کے لیے پاکستان کا کردار سنگ میل، صادق عمرانی۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 06 | علی مدد جتک کی کاوشوں سے کلی اصفر آباد سریاب روڈ کی تعمیر کا آغاز۔ | مشرق ودیگراخبارات |
| 07 | ایران وامریکہ کو جنگ بندی کے لیے آمادہ کرنا خوش آئند ہے، فیصل جمالی۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 08 | امریکہ ایران جنگ بندی پاکستان کی سفارتی کامیابی ہے، نور محمد دمڑ۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 09 | چار کروڑ 14 لاکھ سے زائد شہریوں کے شناختی کارڈ ایکسپائر قرار۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 10 | عوام شکایت اور سنگین الزامات پر ضلعی منتظم صحت خضدار معطل۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 11 | پولیس جرائم کے خاتمے کے لیے تمام وسائل بروئے کار لارہی ہے، آئی جی بلوچستان۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 12 | بلوچستان میں ہزاروں سرکاری گاڑیوں کا ریکارڈ غائب۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 13 | تفتان بارڈر پر امیگریشن انتظامات فعال ہے، ڈائریکٹر ایف آئی اے۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 14 | بلوچستان سمیت مختلف علاقوں میں بارشوں کا الرٹ جاری۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 15 | طلبہ کو پولیسنگ نظام بارے آگاہی کی اشد ضرورت ہے ڈی آئی جی۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 16 | ضلعی انتظامیہ کی اسٹیشنری اور کتب فروشوں کے خلاف کارروائی۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 17 | ہرنائی کی صورتحال پر حکومتی خاموشی افسوسناک ہے، پشتونخواہ میپ۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 18 | حکومت اہلیت اور واضح پالیسی سمت سے محروم دکھائی دیتی ہے، اسرار زہری۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 19 | عوامی شکایات کا فوری ازالہ یقینی بنایا جائے گا، مولانا ہدایت۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 20 | خطے میں امن کے لیے پاکستان کا کردار قابل تحسین ہے، زمرک اچکزئی۔ | جنگ ودیگراخبارات |

## امن وامان:

ژوب میں انتظامیہ کی کاروائی پوست کی فصل تلف اٹھ ملزمان گرفتار، دشت کمبیلا مسلح افراد کا صوبائی وزیر کے فارم ہاؤس پر حملہ مشینری اور سامان نظر آتش، کوئٹہ گوالمنڈی پولیس اسٹیشن پر دستی بم حملہ ایک اہلکار زخمی، نوتال ڈیرہ بگٹی میں فائرنگ کے واقعات ایک شخص ہلاک، اٹھ افراد زخمی، ہزار گنجی اور گردنواں میں صفائی کی ابتر صورتحال سے عوام پریشان۔

CS CamScanner

**DIRECTORATE**
**GENERAL PUBLIC RELATIONS**
**BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ**
**حکومت بلوچستان**

**مسائل :**

| |
|---|
| حکومت بلوچستان کی ڈیجیٹل پالیسی اخبارات کا معاشی قتل ہے، اے پی این ایس کوئٹہ گیس کی غیر اعلانیہ بندش پریشر میں کمی جاری، کوئٹہ کے اطراف میں ناکوں پر مویشی بیوپاریوں کو لوٹا جا رہا ہے، صحبت پور ہوشربا مہنگائی کے خلاف عوام سراپہ احتجاج سڑکیں بلاک۔ |

**مورخہ** 10.04.2026

مضامین:

روزنامہ جنگ کوئٹہ نے "**گوادر پاکستان کا مستقبل**" کے عنوان سے انور غازی نے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ باخبر کوئٹہ نے "**کلین کوئٹہ**" کے عنوان سے علیشبا بگٹی نے اداریہ تحریر کیا ہے۔

**برائے ڈائریکٹر جنرل**
**نظامت تعلقات عامہ بلوچستان**

CamScanner

# پریس فریڈم کیلئے ہر پلیٹ فارم پر آواز اٹھائی ہے، گورنر مندوخیل

**صحافت سے ملکی اور صوبائی سطح پر شفافیت، ذمہ داری اور خود احتسابی کو فروغ ملتا ہے، گفتگو**

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ ہم نے اپنے تقریباً چالیس سالہ سیاسی کیریئر کے دوران الیکٹرانک اور پرنٹ میڈیا سے وابستہ تمام میڈیا پرسنز کے ساتھ روز اول سے مضبوط اور خوشگوار تعلقات استوار کیے ہیں جو باہمی احترام، باور اور عزت افزائی پر مبنی ہیں۔ میں ہر خوشی اور مشکل کے وقت ان کے ساتھ کھڑا رہا ہوں صحافی برادری کے حقوق، تحفظ اور پریس فریڈم کیلئے ہر پلیٹ فارم پر آواز اٹھائی ہے۔ میرا پختہ یقین ہے کہ صحافت دراصل ریاست کا ایک اہم ستون ہے جو حکومت اور عوام کے درمیان پل کے طور پر کام کرتی ہے جسکے نتیجے میں ملکی اور صوبائی سطح پر شفافیت، ذمہ داری اور خود احتسابی کو فروغ ملتا ہے۔ ان خیالات کا اظہار نے بلوچستان انٹرنیشنل تھنک ٹینک کے چیئرمین اویس جدون، سینئر جرنلسٹ شہزادہ ذوالفقار، صدر کوئٹہ پریس کلب عرفان سعید، سینئر نائب صدر فرید اللہ اور کوآرڈینیٹر تھنک ٹینک عیسٰی خان سے گورنر ہاؤس کوئٹہ میں ملاقات کے دوران گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ ملاقات کے دوران پیروز آف بلوچستان انٹر سول ایوارڈز کی تقریب تقسیم انعامات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ واضح رہے کہ 22 اپریل کو گورنر ہاؤس میں منعقد ہونے والی تقریب میں گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل کو افریقہ کے انقلابی لیڈر نیلسن منڈیلا ایوارڈ سے نوازا جائیگا جبکہ صوبہ بلوچستان میں نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے بہترین صحافیوں کو مذکورہ تھنک ٹینک کی جانب سے انٹرنیشنل سول ایوارڈز جن میں قائداعظم محمد علی جناح، علامہ محمد اقبال اور نثار عثمانی کے نام سے منسوب ایوارڈز دیے جائیں گے۔



کوئٹہ : گورنر جعفر مندوخیل سے صوبائی وزیر میر عاصم کرد گیلو اور میر طارق کھیتران ملاقات کر رہے ہیں

MASHRIQ QUETTA

# صحافیوں کے حقوق کیلئے روز اول سے آواز بلند کر رہا ہوں، گورنر

چالیس سالہ سیاسی کیریئر کے دوران تمام میڈیا پرسنز کے ساتھ خوشگوار تعلقات استوار کیے جو باہمی احترام اور عزت افزائی پر مبنی ہیں

**مثبت صحافت کے نتیجے میں ملکی اور صوبائی سطح پر شفافیت، ذمہ داری اور خود احتسابی کو فروغ ملتا ہے، جعفر مندوخیل کی صحافیوں سے گفتگو**

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ ہم نے اپنے تقریباً چالیس سالہ سیاسی کیریئر کے دوران الیکٹرانک اور پرنٹ میڈیا سے وابستہ تمام میڈیا پرسنز کے ساتھ روز اول سے مضبوط اور خوشگوار تعلقات استوار کیے ہیں جو باہمی احترام اور عزت افزائی پر مبنی ہیں۔ میں ہر خوشی اور مشکل کے وقت میں ان کے ساتھ کھڑا رہا ہوں۔ صحافی برادری کے........

بقیہ 30 صفحہ نمبر 7 پر

حقوق، تحفظ اور پریس فریڈم کیلئے ہر پلیٹ فارم پر آواز اٹھائی ہے۔ میرا پختہ یقین ہے کہ صحافت دراصل ریاست کا ایک اہم ستون ہے جو حکومت اور عوام کے درمیان پل کے طور پر کام کرتی ہے جسکے نتیجے میں ملکی اور صوبائی سطح پر شفافیت، ذمہ داری اور خود احتسابی کو فروغ ملتی ہے۔ ان خیالات کا اظہار نے بلوچستان انٹرنیشنل تھنک ٹینک کے چیئرمین اویس جدون، سینئر جرنلسٹ شہزادہ ذوالفقار، صدر کوئٹہ پریس کلب عرفان سعید، سینئر نائب صدر فرید اللہ اور کوآرڈینیٹر تھنک ٹینک عیسٰی خان سے گورنر ہاؤس کوئٹہ میں ملاقات کے دوران گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ ملاقات کے دوران پیروز آف بلوچستان انٹر سول ایوارڈز کی تقریب تقسیم انعامات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔

Daily MASHRIQ QUETTA

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

روزنامہ مشرق کوئٹہ

چیف ایگزیکٹو: سید ممتاز احمد

جلد 54 | جمعہ 21 شوال 1447ھ 10 اپریل 2026ء صفحات 08 | شمارہ 275

رجسٹرڈ BC-m-1 | Email. mashriqqta2008@gmail.com | PTCL 081-2827345 081-2827344 | قیمت 35 روپے

# ریاست مظلوموں کیساتھ، دہشتگردی کیخلاف جنگ میں ایک انچ بھی پیچھے نہیں ہٹیں گے، وزیراعلیٰ

بندوق کے زور پر کوئی نظریہ مسلط نہیں کیا جاسکتا، سوشل میڈیا کے ذریعے بیرون ملک بیٹھے پاکستان مخالف عناصر نوجوانوں کو گمراہ کررہے ہیں، نوجوان سچ اور جھوٹ میں واضح فرق کریں، میر سرفراز بگٹی

پرتشدد طرزعمل کا غیر متوازن ترقی سے کوئی تعلق نہیں، غیر متوازن ترقی پاکستان سمیت دنیا کے بیشتر ممالک کا مسئلہ ہے تاہم یہ قطعی طور پر تشدد کو جواز فراہم نہیں کرتا، نیشنل ورکشاپ کے شرکاء سے خطاب

قیادت کی دانشمندانہ حکمت عملی کے باعث نہ صرف پاکستان بلکہ پورے خطے کو بڑے بحران سے بچایا گیا، عالمی سطح پر ملک کا مقام بھی بہتر ہوا آج پوری دنیا کی نظریں پاکستان پر ہیں، میڈیا سے گفتگو

بلوچستان کے نوجوان محب وطن ہیں، حکومت اپنی یوتھ کا ریاست پر اعتماد بحال کرے گی، ان کے گلے شکوے سن کر خدشات دور کیے جائیں گے، نیشنل یوتھ سمٹ گوادر کی اختتامی تقریب سے خطاب

کوئٹہ، گوادر (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ صوبے میں گڈ گورننس کے فروغ، شفافیت اور عوامی خدمت کے معیار کو بہتر بنانے کے لیے حکومت سنجیدہ اور ٹھوس اقدامات کر رہی ہے انہوں نے واضح کیا کہ ریاست کی رٹ، آئین کی بالادستی اور عوامی حقوق کا تحفظ حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے 19 ویں نیشنل ورکشاپ بلوچستان کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کیا اس موقع پر انہوں نے شرکاء کو تاریخی سیاسی و سماجی حقائق، صوبے میں جاری اصلاحات، چیلنجز اور حکومتی حکمت عملی سے ........ بقیہ 1 صفحہ نمبر 7 پر

جیکب آباد (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ بلوچستان ایک حساس خطہ ہے جہاں حالات میں اتار چڑھاؤ آتے رہتے ہیں تاہم صوبائی حکومت دہشت گردی کے خلاف جاری جنگ میں کسی بھی صورت ایک انچ بھی پیچھے نہیں ہٹے گی انہوں نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی نے ہمیشہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں قائدانہ کردار ادا کیا ہے اور اس جدوجہد میں شہید محترمہ بینظیر بھٹو سمیت سینکڑوں کارکنوں نے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعرات کے روز جیکب آباد میں پاکستان پیپلز پارٹی کے رکن قومی ........ بقیہ 2 صفحہ نمبر 7 پر

تفصیل سے آگاہ کیا وزیراعلیٰ نے کہا کہ محکمہ تعلیم میں اساتذہ کی بھرتیاں مکمل طور پر میرٹ کی بنیاد پر کی گئی ہیں اور اب تک 3200 سے زائد بند اسکولوں کو فعال بنایا جاچکا ہے جو تعلیم کے فروغ اور شرح خواندگی میں اضافے کے لیے ایک اہم پیش رفت ہے انہوں نے سوشل میڈیا کے کردار پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ بیرون ملک بیٹھے پاکستان مخالف عناصر جدید ذرائع ابلاغ کو استعمال کرتے ہوئے نوجوانوں کو گمراہ کرنے کی کوشش کررہے ہیں اور بلوچستان سے متعلق غیر مستند تاریخی حوالوں کے ذریعے منفی ذہن سازی کی جارہی ہے جس کا توڑ صرف مستند معلومات اور شعور کی فراہمی سے ممکن ہے وزیراعلیٰ نے نوجوانوں پر زور دیا کہ وہ مستند تاریخ کا مطالعہ کریں اور سچ اور جھوٹ میں واضح فرق کرنا سیکھیں انہوں نے کہا کہ نوجوان پاکستان کا قیمتی سرمایہ اور روشن مستقبل ہیں انہیں سوشل میڈیا سمیت ہر محاذ پر ریاست کے مثبت بیانیے کا دفاع کرنا ہوگا وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ صوبے میں امن، ترقی اور خوشحالی کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے جائیں گے اور نوجوانوں کو مثبت اور تعمیری کردار ادا کرنے کے مواقع فراہم کیے جائیں گے تاکہ بلوچستان ایک پرامن اور ترقی یافتہ صوبہ بن سکے۔ وزیراعلیٰ نے واضح کیا کہ صوبے میں تمام بھرتیاں میرٹ کی بنیاد پر کی جارہی ہیں اور کسی بھی قسم کی کرپشن یا بے ضابطگی برداشت نہیں کی جائے گی انہوں نے بتایا کہ محکمہ تعلیم تربت میں بے ضابطگیوں پر ملوث افسران کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے انہیں معطل کیا گیا ہے جبکہ بی سی پولیس سمیت دیگر اداروں میں بھی شفافیت کو یقینی بنایا جارہا ہے انہوں نے کہا کہ بدعنوانی اور بدانتظامی کے خاتمے کے بغیر ترقی ممکن نہیں انہوں نے محکمہ زکوٰۃ کی مثال دیتے ہوئے کہا کہ محدود وسائل کے باوجود غیر ضروری اخراجات ناقابل قبول ہیں اور نظام کی اصلاح ناگزیر ہے انہوں نے کہا کہ پرانی اور ناکارہ سرکاری گاڑیوں کے نام پر ایندھن کے اخراجات جیسے غیر ضروری مالی بوجھ کا خاتمہ کیا جارہا ہے اور حکومتی وسائل کے شفاف استعمال کو یقینی بنایا جارہا ہے وزیراعلیٰ بلوچستان نے سوشل میڈیا کے کردار پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ بعض عناصر نوجوانوں کو گمراہ کرنے کی کوشش کررہے ہیں تاہم حکومت مثبت سرگرمیوں اور آگاہی مہمات کے ذریعے نوجوانوں کی رہنمائی کررہی ہے تاکہ انہیں درست سمت فراہم کی جاسکے تعلیم کے شعبے سے متعلق انہوں نے کہا کہ حکومت نے صوبے بھر میں تعلیمی اداروں کو فعال بنانے کے لیے عملی اقدامات کیے ہیں

اسمبلی و چیف وہپ میر اعجاز حسین جکھرانی سے ان کے والد میر احمد نواز المعروف میر بابل خان جکھرانی کے انتقال پر تعزیت کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا وزیراعلیٰ بلوچستان نے ایرانی پیٹرول کی قیمتوں سے متعلق ایک سوال کے جواب میں وضاحت کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان میں ایرانی پیٹرول کی کوئی سرکاری قیمت مقرر نہیں کی گئی سرحدی علاقوں میں محدود سطح پر ایرانی پیٹرول کی غیر رسمی تجارت ہوتی ہے تاہم صوبے کے دیگر علاقوں میں پیٹرولیم مصنوعات کے وہی سرکاری نرخ لاگو ہیں جو ملک کے دیگر حصوں میں نافذ ہیں عالمی صورتحال، خصوصاً امریکہ اور ایران کے درمیان کشیدگی پر گفتگو کرتے ہوئے وزیراعلیٰ نے کہا کہ اگر جنگ بندی نہ ہوتی تو اس کے اثرات پورے خطے، بالخصوص بلوچستان پر شدید مرتب ہوتے کیونکہ صوبہ جغرافیائی طور پر ہمسایہ ممالک کے قریب واقع ہے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 4

Daily MASHRIQ QUETTA & Hub

روزنامہ مشرق کوئٹہ و حب

# حکومت پارٹی و عوامی مفاد میں ہر ممکن تعاون جاری رکھے گی، سرفراز بگٹی

## کارکن پارٹی کا قیمتی سرمایہ ہیں، ان کی محنت اور لگن ہی پارٹی کی مضبوطی اور عوامی خدمت کی بنیاد ہے، پارٹی وفود سے گفتگو

## گوادر میں وزیراعلیٰ کی کتاب کی تقریب رونمائی میں شرکت، تربت انٹر کالج کو مرحوم تاج محمد کے نام سے منسوب کرنے کا اعلان

گوادر (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے جمعرات کو یہاں پاکستان پیپلز پارٹی ضلع گوادر اور مکران کے عہدیداروں نے ملاقات کی اور پارٹی امور پر تبادلہ خیال کیا وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ پارٹی کے کارکن پارٹی کا قیمتی سرمایہ ہیں اور ان کی محنت اور لگن ہی پارٹی کی مضبوطی اور عوامی خدمت کی بنیاد ہے ملاقات میں یوسف فریادی، صدر پاکستان پیپلز پارٹی ڈسٹرکٹ گوادر، خلیل کریم نوری، نائب صدر عثمانیہ وارڈ گوادر، فضل محمود، جنرل سیکرٹری کماڈی وارڈ گوادر اور امداد کھتری، انفارمیشن سیکرٹری ظہور شاہ ہاشمی وارڈ گوادر شامل تھے ملاقات کے دوران......... بقیہ 39 صفحہ نمبر 7 پر

پارٹی رہنماؤں نے مقامی سطح پر عوامی مسائل اور پارٹی کے فروغ کے لیے آئندہ اقدامات پر گفتگو کی وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ حکومت بلوچستان پارٹی اور عوامی مفاد میں ہر ممکن تعاون جاری رکھے گی۔ دریں اثناء وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے ماحولیاتی تبدیلیوں پر کام کرنے والی مصنفہ نفیسہ رشید کی کتاب کی باقاعدہ رونمائی کی اس موقع پر مصنفہ نفیسہ رشید نے اپنی تصنیف کی ایک کاپی بطور تحفہ وزیراعلیٰ کو پیش کی جسے انہوں نے سراہا اور ماحولیاتی شعور اجاگر کرنے کی اس کاوش کو قابل تحسین قرار دیا اس موقع پر وزیراعلیٰ بلوچستان نے ماحولیاتی تحفظ اور آگاہی کے فروغ کی اہمیت کو اجاگر کرتے ہوئے اس نوعیت کی کاوشوں کو معاشرے کے لیے مثبت پیش رفت قرار دیا۔

# وزیراعلیٰ کی جیکب آباد آمد، اعجاز جکھرانی کے والد کی وفات پر فاتحہ خوانی

جیکب آباد (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی جمعرات کو مختصر دورے پر جیکب آباد پہنچے جہاں انہوں نے رکن قومی اسمبلی میر اعجاز خان جکھرانی کے والد کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے ان سے تعزیت کی اور مرحوم کے ایصال ثواب کے لیے فاتحہ خوانی کی وزیراعلیٰ بلوچستان نے......... بقیہ 36 صفحہ نمبر 7 پر

اس موقع پر مرحوم احمد نواز المعروف بابل خان جکھرانی کی سیاسی، قبائلی اور سماجی خدمات کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ وہ ایک باوقار اور بااثر شخصیت کے حامل تھے

# نوجوانوں کا مستقبل اعلیٰ تعلیم سے وابستہ ہے، وزیراعلیٰ

## صوبے کی ترقی کیلئے تمام اسٹیک ہولڈرز کو اعتماد میں لیں گے، خطاب

## پنجگور کو ووگرین، 1 پنک بس، پریس کلب کیلئے 20 لاکھ گرانٹ کا اعلان

پنجگور (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کا دورہ پنجگور، دورے کے موقع پر وزیراعلیٰ بلوچستان نے پنجگور کے تاریخی مقبرہ شاہو قلندر اور......... بقیہ 28 صفحہ نمبر 7 پر

خواتین اسکل ڈویلپمنٹ سینٹر خدا آبادان کا افتتاح کیا اس موقع پر سینئر صوبائی وزیر میر ظہور احمد بلیدی صوبائی وزیر سلیم احمد کھوسہ اراکین صوبائی اسمبلی انجینئر عبدالمجید بادینی مولانا نواللہ۔ مشیر فشریز برکت رند، آئی جی ایف سی ساؤتھ بلال سرفراز کمانڈنٹ پنجگور ریفل ظفر اقبال ڈپٹی کمشنر عبدالکبیر زرکون ایس پی سردار ایاز خان اور دیگر انکے ہمراہ تھے



جیکب آباد: وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی میر اعجاز جکھرانی کے والد کی وفات پر فاتحہ کر رہے ہیں



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کا 19ویں نیشنل ورکشاپ کے شرکاء کے ہمراہ گروپ فوٹو



گوادر: وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نیشنل یوتھ سمٹ کے شرکاء سے خطاب کر رہے ہیں

CamScanner

روزنامہ ایکسپریس کوئٹہ
سینچری

پاکستان کے 11 شہروں سے بیک وقت شائع ہونے والا واحد اخبار

جلد 24 شمارہ 117 | جمعۃ المبارک 21 شوال 10 اپریل 2026ء صفحات 6 قیمت 40 روپے

# گڈ گورننس کیلئے اقدامات جاری، دہشتگردی کیخلاف جنگ میں ایک انچ بھی پیچھے نہیں ہٹیں گے، وزیر اعلیٰ

## ریاست مظلوم اور قانون کے ساتھ کھڑی، آئین ہمیں وفاداری کا درس دیتا ہے، یہ اصول قومی یکجہتی کی بنیاد ہے، نوجوان مستند تاریخ کا مطالعہ کریں


## بینظیر بھٹو سمیت سینکڑوں کارکنوں نے جانوں کا نذرانہ پیش کیا، دانشمندانہ حکمت عملی سے ملک کو بحران سے بچایا، نیشنل ورکشاپ سے خطاب، میڈیا سے گفتگو

**کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ** (باقی صفحہ 5 نمبر 22)

صوبے میں گڈ گورننس کے فروغ، شفافیت اور عوامی خدمت کے معیار کو بہتر بنانے کے لیے حکومت سنجیدہ اور ٹھوس اقدامات کر رہی ہے انہوں نے واضح کیا کہ ریاست کی رٹ، آئین کی بالادستی اور عوامی حقوق کا تحفظ حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے 19 ویں نیشنل ورکشاپ بلوچستان کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کیا اس موقع پر انہوں نے شرکاء کو تاریخی سیاسی و سماجی حقائق، صوبے میں جاری اصلاحات، چیلنجز اور حکومتی حکمت عملی سے تفصیل سے آگاہ کیا وزیر اعلیٰ نے کہا کہ محکمہ تعلیم میں اساتذہ کی بھرتیاں مکمل طور پر میرٹ کی بنیاد پر کی گئی ہیں اور اب تک 3200 سے زائد بند اسکولوں کو فعال بنایا جا چکا ہے جو تعلیم کے فروغ اور شرح خواندگی میں اضافے کے لیے ایک اہم پیش رفت ہے انہوں نے سوشل میڈیا کے کردار پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ بیرون ملک بیٹھے پاکستان مخالف عناصر جدید ذرائع ابلاغ کو استعمال کرتے ہوئے نوجوانوں کو گمراہ کرنے کی کوشش کر رہے ہیں اور بلوچستان سے متعلق غیر مستند تاریخی حوالوں کے ذریعے منفی ذہن سازی کی جا رہی ہے جس کا توڑ صرف مستند معلومات اور شعور کی فراہمی سے ممکن ہے وزیر اعلیٰ نے نوجوانوں پر زور دیا کہ وہ مستند تاریخ کا مطالعہ کریں اور سچ اور جھوٹ میں واضح فرق کرنا سیکھیں انہوں نے کہا کہ نوجوان پاکستان کا قیمتی سرمایہ اور روشن مستقبل ہیں انہیں سوشل میڈیا سمیت ہر محاذ پر ریاست کے مثبت بیانیے کا دفاع کرنا ہو گا انہوں نے کہا کہ پرتشدد طرز عمل کا غیر متوازن ترقی سے کوئی تعلق نہیں، غیر متوازن ترقی پاکستان سمیت دنیا کے بیشتر ممالک کا مسئلہ ہے تاہم یہ قطعی طور پر تشدد کو جواز فراہم نہیں کرتا، ریاست کسی کو بھی بندوق کے زور پر اپنا نظریہ مسلط کرنے کی اجازت نہیں دے سکتی میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ ریاست مظلوم اور قانون پسند شہریوں کے ساتھ کھڑی تھی اور کھڑی رہے گی، میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ آئین پاکستان کا آرٹیکل 5 ہر شہری کو ریاست کے ساتھ غیر مشروط وفاداری کا درس دیتا ہے اور یہ اصول قومی یکجہتی کی بنیاد ہے انہوں نے کہا کہ ماضی میں احتجاج کے نام پر کئی کئی دن سڑکیں بند رکھنا معمول بن چکا تھا تاہم اب حکومت کی موثر حکمت عملی اور ریاستی رٹ کی بدولت ایسی صورتحال پر قابو پایا جا چکا ہے اور کوئی بھی شاہراہ غیر معینہ مدت کے لیے بند نہیں ہونے دی جاتی وزیر اعلیٰ نے اس امر کی بھی وضاحت کی کہ آئین جہاں شہریوں کو پرامن احتجاج کا حق دیتا ہے وہیں عام آدمی کے حقوق کے تحفظ کی بھی ضمانت فراہم کرتا ہے لہٰذا کسی کو یہ اجازت نہیں دی جا سکتی کہ وہ اپنے احتجاج کی آڑ میں دوسروں کے حقوق سلب کرے انہوں نے دوٹوک انداز میں کہا کہ علیحدگی پسند عناصر کی چیمپیئنڈ وائسز اور ریاست مخالف سرگرمیوں کے خلاف قانون کے مطابق سخت کارروائی جاری رہے گی مسنگ پرسنز کے حوالے سے گفتگو کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ اس حساس مسئلے کو ماضی میں ریاست کے خلاف پروپیگنڈا ٹول کے طور پر استعمال کیا گیا تاہم موجودہ حکومت نے موثر قانون سازی اور پالیسی اقدامات کے ذریعے اس مسئلے کو مستقل بنیادوں پر حل کر دیا ہے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ صوبے میں امن، ترقی اور خوشحالی کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے جائیں گے اور نوجوانوں کو مثبت اور تعمیری کردار ادا کرنے کے مواقع فراہم کیے جائیں گے تاکہ بلوچستان ایک پرامن اور ترقی یافتہ صوبہ بن سکے۔

**جیکب آباد (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ** (باقی صفحہ 5 نمبر 23)

بلوچستان ایک حساس خطہ ہے جہاں حالات میں اتار چڑھاؤ آتے رہتے ہیں تاہم صوبائی حکومت دہشت گردی کے خلاف جاری جنگ میں کسی بھی صورت ایک انچ بھی پیچھے نہیں ہٹے گی انہوں نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی نے ہمیشہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں قائدانہ کردار ادا کیا ہے اور اس جدوجہد میں شہید محترمہ بینظیر بھٹو سمیت سینکڑوں کارکنوں نے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعرات کے روز جیکب آباد میں پاکستان پیپلز پارٹی کے رکن قومی اسمبلی و چیف وہپ میر اعجاز حسین جکھرانی سے ان کے والد میر احمد نواز المعروف میر بابل خان جکھرانی کے انتقال پر تعزیت کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا وزیر اعلیٰ بلوچستان نے ایرانی پیٹرول کی قیمتوں سے متعلق ایک سوال کے جواب میں وضاحت کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان میں ایرانی پیٹرول کی کوئی سرکاری قیمت مقرر نہیں کی گئی سرحدی علاقوں میں محدود سطح پر ایرانی پیٹرول کی غیر رسمی تجارت ہوتی ہے تاہم صوبے کے دیگر علاقوں میں پیٹرولیم مصنوعات کے وہی سرکاری نرخ لاگو ہیں جو ملک کے دیگر حصوں میں نافذ ہیں عالمی صورتحال، خصوصاً امریکہ اور ایران کے درمیان کشیدگی پر گفتگو کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ اگر جنگ بندی نہ ہوتی تو اس کے اثرات پورے خطے، بالخصوص بلوچستان پر شدید مرتب ہوتے کیونکہ صوبہ جغرافیائی طور پر ہمسایہ ممالک کے قریب واقع ہے۔ انہوں نے صدر آصف علی زرداری، وزیر اعظم شہباز شریف اور بالخصوص فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی قیادت کو سراہتے ہوئے کہا کہ ان کی دانشمندانہ حکمت عملی کے باعث نہ صرف پاکستان کو ایک بڑے بحران سے بچایا گیا بلکہ عالمی سطح پر ملک کا وقار بھی بلند ہوا ہے انہوں نے کہا کہ آج پاکستان ایک ذمہ دار ریاست کے طور پر عالمی برادری میں اپنا مثبت اور موثر کردار ادا کر رہا ہے جو پوری قوم کے لیے باعث فخر ہے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے میر احمد نواز خان المعروف میر بابل خان جکھرانی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ یہ نقصان صرف جکھرانی خاندان یا قبیلے کا نہیں بلکہ پورے علاقے کے قبائل کا اجتماعی نقصان ہے جس کی کمی ہمیشہ محسوس کی جائے گی اس موقع پر صوبائی وزراء میر سلیم کھوسہ، میر ظہور بلیدی، عبدالمجید بادینی، مولوی نور اللہ، حاجی برکت رند سمیت دیگر معززین بھی وزیر اعلیٰ کے ہمراہ موجود تھے۔



گوادر، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نیشنل یوتھ سمٹ کے شرکاء سے خطاب کر رہے ہیں



وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی 19ویں نیشنل ورکشاپ بلوچستان کے شرکاء سے خطاب کر رہے ہیں



جیکب آباد، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی رکن قومی اسمبلی میر اعجاز خان جکھرانی کی رہائش گاہ پر میڈیا سے بات چیت کر رہے ہیں

# وزیراعلیٰ کا بابل جکھرانی اور ذوالفقار کھوسہ کی وفات پر افسوس

## مرحومین کو گرانقدر خدمات پر خراج عقیدت پیش، لواحقین سے تعزیت

جیکب آباد، کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی جمعرات کو مختصر دورے پر جیکب آباد پہنچے جہاں انہوں نے رکن قومی اسمبلی میر اعجاز خان جکھرانی کے والد کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے ان سے تعزیت کی اور مرحوم کے ایصال ثواب کے لیے فاتحہ خوانی کی وزیراعلیٰ بلوچستان نے اس موقع پر مرحوم احمد نواز المعروف بابل خان جکھرانی کی سیاسی، قبائلی اور سماجی خدمات کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ وہ ایک باوقار اور بااثر شخصیت کے حامل تھے جنہوں نے اپنے علاقے اور عوام کی خدمت میں نمایاں کردار ادا کیا انہوں نے کہا کہ مرحوم کا انتقال نہ صرف جکھرانی قبیلے بلکہ پڑوسی قبائل کے لیے بھی ایک ایسا خلاء ہے جسے کبھی پر نہیں کیا جا سکے (باقی صفحہ 5 نمبر 36)

گا مرحوم کی خدمات کو ہمیشہ قدر کی نگاہ سے یاد رکھا جائے گا اور ان کا خلا مدتوں محسوس کیا جائے گا۔ علاوہ ازیں وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے بزرگ سیاستدان سردار ذوالفقار علی خان کھوسہ کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے اپنے تعزیتی بیان میں وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ سردار ذوالفقار علی خان کھوسہ ایک انتہائی دیانتدار، شریف النفس، زیرک اور مدبر سینئر سیاستدان تھے جنہوں نے اپنی طویل سیاسی جدوجہد کے دوران عوامی خدمت اور جمہوری اقدار کے فروغ میں نمایاں کردار ادا کیا وزیراعلیٰ نے کہا کہ سردار ذوالفقار علی خان کھوسہ سے ان کے ذاتی تعلقات نہایت خوشگوار تھے اور انہیں ہمیشہ ان کی جانب سے محبت، شفقت اور رہنمائی حاصل رہی۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے مرحوم کے اہل خانہ اور تمام پسماندگان سے دلی ہمدردی اور اظہار یکجہتی کرتے ہوئے مرحوم کے درجات کی بلندی اور لواحقین کے لیے صبر جمیل کی دعا کی۔

# نوجوان منفی پروپیگنڈوں کا ڈٹ کر مقابلہ کریں، وزیراعلیٰ

## ریاست پر اعتماد بحال، نوجوانوں کے گلے شکوے دور کریں گے

### نیشنل یوتھ سمٹ گوادر کی تقریب سے سرفراز بگٹی کا خطاب، سوالات کے جواب دیئے

گوادر (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ بلوچستان کے نوجوان محب وطن ہیں اور انہیں سوشل میڈیا کے منفی پروپیگنڈوں کا ڈٹ کر (باقی صفحہ 5 نمبر 25)

مقابلہ کرنا چاہیے انہوں نے کہا کہ نوجوان ہمارا مستقبل ہیں تنقید برائے تنقید نہیں تنقید برائے اصلاح ہونی چاہیے انہوں نے کہا کہ حکومت اپنی یوتھ کا ریاست پر اعتماد بحال کرے گی، ان کے گلے شکوے سن کر ان کے خدشات دور کیے جائیں گے انہوں نے واضح کیا کہ ہم اپنے نوجوانوں کے سامنے جوابدہ ہیں اور آئین پاکستان نے ہمیں اس بات کا پابند بنایا ہے انہوں نے کہا ہے کہ دہشت گردی کے خاتمے اور پائیدار امن کے قیام کے لیے گڈ گورننس، میرٹ اور شفافیت پر مبنی جامع اور موثر حکمت عملی ناگزیر ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعرات کو یہاں نیشنل یوتھ سمٹ گوادر کی اختتامی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ وہ طویل تقاریر کے بجائے نوجوانوں کو سننے آئے ہیں اور ان کا مقصد نوجوانوں کے مسائل اور شکایات کو براہ راست جان کر ان کا حل تلاش کرنا ہے انہوں نے شرکاء کو ہدایت کی کہ وہ بلا خوف و جھجک اپنی رائے کا اظہار کریں سوال و جواب کے سیشن میں ان کی ہدایت پر ریکارڈنگ بند کر دی گئی تاکہ ایک کھلا اور موثر مکالمہ ممکن ہو سکے انہوں نے تقریباً 45 منٹ تک نوجوانوں کے سوالات کے جوابات دیئے طلبہ و طالبات نے میرٹ کی بحالی، روزگار کے مواقع، ترقیاتی منصوبوں اور دیگر اہم امور پر سوالات اٹھائے وزیراعلیٰ نے واضح کیا کہ صوبے میں تمام بھرتیاں میرٹ کی بنیاد پر کی جا رہی ہیں اور کسی بھی قسم کی کرپشن یا بے ضابطگی برداشت نہیں کی جائے گی انہوں نے بتایا کہ محکمہ تعلیم تربت میں بے ضابطگیوں پر ملوث افسران کے خلاف کاروائی کرتے ہوئے انہیں معطل کیا گیا ہے جبکہ بی بی پی ایس سمیت دیگر اداروں میں بھی شفافیت کو یقینی بنایا جا رہا ہے انہوں نے کہا کہ بدعنوانی اور بدانتظامی کے خاتمے کے بغیر ترقی ممکن نہیں انہوں نے محکمہ زکوٰۃ کی مثال دیتے ہوئے کہا کہ محدود وسائل کے باوجود غیر ضروری اخراجات ناقابل قبول ہیں اور نظام کی اصلاح ناگزیر ہے انہوں نے کہا کہ پرانی اور ناکارہ سرکاری گاڑیوں کے نام پر ایندھن کے اخراجات جیسے غیر ضروری مالی بوجھ کا خاتمہ کیا جا رہا ہے اور حکومتی وسائل کے شفاف استعمال کو یقینی بنایا جا رہا ہے وزیراعلیٰ بلوچستان نے سوشل میڈیا کے کردار پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ بعض عناصر نوجوانوں کو گمراہ کرنے کی کوشش کر رہے ہیں تاہم حکومت مثبت سرگرمیوں اور آگاہی مہمات کے ذریعے نوجوانوں کی رہنمائی کر رہی ہے تاکہ انہیں درست سمت فراہم کی جا سکے تعلیم کے شعبے سے متعلق انہوں نے کہا کہ حکومت نے صوبے بھر میں تعلیمی اداروں کو فعال بنانے کے لیے عملی اقدامات کیے ہیں اور گوادر ایک مثالی ضلع بن چکا ہے جہاں تمام سرکاری اسکول فعال ہیں اور کوئی بھی اسکول بند نہیں وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ بلوچستان کے نوجوانوں کو میرٹ، شفافیت اور مساوی مواقع کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیح ہے اور اس مقصد کے حصول کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں گے قبل ازیں نیشنل یوتھ سمٹ کی اختتامی تقریب کا آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا جبکہ قومی ترانے کے احترام میں تمام شرکاء کھڑے ہوئے اس موقع پر گوادر کی بچیوں نے روایتی انداز میں وزیراعلیٰ کا استقبال کیا جبکہ گورنمنٹ گرلز مڈل اسماعیل اسکول کی طالبات نے خوبصورت ٹیبلو پیش کیا تقریب سے مشیر برائے کھیل و امور نوجوانان مینا مجید بلوچ اور صوبائی وزیر منصوبہ بندی و ترقیات ظہور بلیدی نے بھی خطاب کیا اور نوجوانوں کی

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 7

THE DAILY INTEKHAB (Quetta)

روزنامہ انتخاب کوئٹہ

رجسٹرڈ نمبر بی سی I-4

قیمت 30 روپے ★ صفحات 6

www.dailyintekhab.PK
Intekhabnews@gmail.com
Quetta Ph:081-2822909

جلد نمبر 32 | جمعتہ المبارک 10 اپریل 2026ء بمطابق 21 شوال المکرم 1447ھ | شمارہ نمبر 98



وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی 19ویں نیشنل ورکشاپ کے شرکاء سے خطاب کر رہے ہیں

# ...قائل ہیں، دہشتگردی کے خلاف ایک انچ بھی پیچھے نہیں ہٹیں گے، میر سرفراز بگٹی

...بے میں بھرتیاں میرٹ پر ہونگی، کرپشن یا بے ضابطگی برداشت نہیں کی جائیگی، نظام کی اصلاح ناگزیر ہے، حکومتی وسائل کے شفاف استعمال کو یقینی بنایا جارہا ہے، گوادر میں نیشنل یوتھ سمٹ کی افتتاحی تقریب سے خطاب

...ی ترقی میں رکاوٹ ڈالنے کی ناکام کوششیں کررہی ہیں، پنجگور کا دورہ، قبائلی عمائدین سے خطاب، بلوچستان میں پیٹرول کی کوئی سرکاری قیمت مقرر نہیں کی گئی، جیکب آباد میں گفتگو، اعجاز جکھرانی سے تعزیت

...یں اور انہیں سوشل میڈیا کے منفی پروپیگنڈوں کا ...ر مقابلہ کرنا چاہیے انہوں نے کہا کہ نوجوان ہمارا مستقبل ہیں تنقید برائے تنقید نہیں تنقید برائے اصلاح ہونی چاہیے انہوں نے

بقیہ نمبر88 صفحہ 5 پر

جیکب آباد (انتخاب نیوز) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ بلوچستان ایک حساس علاقہ ہے جہاں حالات میں اتار چڑھاؤ آتے رہتے ہیں، اس وقت بلوچستان میں حالات کچھ مناسب ہیں تاہم دہشت گردی کے خلاف جنگ میں ہم ایک انچ بھی کسی صورت پیچھے

بقیہ نمبر89 صفحہ 5 پر

ہٹنے کو تیار نہیں ہیں، انہوں نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی نے ہمیشہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں قیادت کی ہے اور اس جدوجہد میں بینظیر بھٹو سمیت سینکڑوں کارکنوں نے جانوں کا نذرانہ پیش کیا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جیکب آباد میں پیپلز پارٹی کے رکن قومی اسمبلی و چیف وہپ میر اعجاز حسین جکھرانی کے والد سابق رکن قومی اسمبلی میر احمد نواز المعروف میر بابل خان جکھرانی کی وفات پر تعزیت کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ وزیراعلیٰ بلوچستان نے پیٹرول کی قیمتوں کے متعلق سوال کے جواب میں وضاحت کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان میں پیٹرول کی کوئی سرکاری قیمت مقرر نہیں کی گئی البتہ سرحدی علاقوں میں ایران کے ساتھ غیر رسمی تجارت کے باعث قیمتوں میں فرق دیکھا جاسکتا ہے جبکہ ملک کی دیگر حصوں کی طرح عمومی نرخ وہی ہیں، امریکہ، ایران جنگ کی صورتحال پر گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اگر جنگ بندی نہ ہوتی تو اس کے اثرات پورے خطے بالخصوص بلوچستان پر شدید پڑتے کیوں کہ ہم ہمسائے میں ہیں، انہوں نے صدر آصف علی زرداری، وزیراعظم شہباز شریف اور خصوصاً فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی قیادت کو سراہتے ہوئے کہا کہ ان کی دانشمندانہ حکمت عملی کے باعث نہ صرف پاکستان بلکہ پورے خطے کو جنگ کے بحران سے بچایا گیا بلکہ عالمی سطح پر ملک کا مقام بھی بہتر ہوا آج پوری دنیا کی نظریں پاکستان پر ہیں، وزیراعلیٰ نے کہا کہ آج پاکستان ایک ذمہ دار ریاست کے طور پر عالمی سطح پر اہم کردار ادا کر رہا ہے جو پوری قوم کے لیے باعث فخر ہے، وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے میر احمد نواز خان المعروف میر بابل خان جکھرانی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ یہ نقصان صرف جکھرانی خاندان یا قبیلے کا نہیں بلکہ پورے علاقے کے قبائل کا نقصان ہے جس کی کمی ہمیشہ محسوس کی جائے گی۔ اس موقع پر میر سلیم کھوسہ، ظہور بلیدی، عبدالمجید بادینی، مولوی نور اللہ، حاجی برکت رند و دیگر بھی ان کے ہمراہ تھے۔

کہا کہ حکومت اپنی یوتھ کو ریاست پر اعتماد بحال کرے گی، ان کے گلے شکوے سن کر ان کے خدشات دور کیے جائیں گے انہوں نے واضح کیا کہ ہم اپنے نوجوانوں کے سامنے جوابدہ ہیں اور آئین پاکستان نے ہمیں اس بات کا پابند بنایا ہے انہوں نے کہا ہے کہ دہشت گردی کے خاتمے اور پائیدار امن کے قیام کے لیے گڈ گورننس، میرٹ اور شفافیت پر مبنی جامع اور موثر حکمت عملی ناگزیر ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعرات کو نیشنل یوتھ سمٹ گوادر کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ وہ طویل تقاریر کے بجائے نوجوانوں کو سننے آئے ہیں اور ان کا مقصد نوجوانوں کے مسائل اور شکایات کو براہ راست جان کر ان کا حل تلاش کرنا ہے انہوں نے شرکاء کو ہدایت کی کہ وہ بلاخوف و جھجک اپنی رائے کا اظہار کریں سوال و جواب کے سیشن میں ان کی ہدایت پر ریکارڈنگ بند کردی گئی تاکہ ایک کھلا اور موثر مکالمہ ممکن ہو سکے انہوں نے تقریباً 45 منٹ تک نوجوانوں کے سوالات کے جوابات دیے طلبہ و طالبات نے میرٹ کی بحالی، روزگار کے مواقع، ترقیاتی منصوبوں اور دیگر اہم امور پر سوالات اٹھائے وزیراعلیٰ نے واضح کیا کہ صوبے میں تمام بھرتیاں میرٹ کی بنیاد پر کی جارہی ہیں اور کسی بھی قسم کی کرپشن یا بے ضابطگی برداشت نہیں کی جائے گی انہوں نے بتایا کہ محکمہ تعلیم تربت میں بے ضابطگیوں پر ملوث افسران کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے انہیں معطل کیا گیا ہے جبکہ بی سی پولیس سمیت دیگر اداروں میں بھی شفافیت کو یقینی بنایا جارہا ہے انہوں نے کہا کہ بدعنوانی اور بدانتظامی کے خاتمے کے بغیر ترقی ممکن نہیں انہوں نے محکمہ زکوٰۃ کی مثال دیتے ہوئے کہا کہ محدود وسائل کے باوجود غیر ضروری اخراجات ناقابل قبول ہیں اور نظام کی اصلاح ناگزیر ہے انہوں نے کہا کہ پرانی اور ناکارہ سرکاری گاڑیوں کے نام پر ایندھن کے اخراجات جیسے غیر ضروری مالی بوجھ کا خاتمہ کیا جارہا ہے اور حکومتی وسائل کے شفاف استعمال کو یقینی بنایا جارہا ہے وزیراعلیٰ بلوچستان نے سوشل میڈیا کے کردار پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ بعض عناصر نوجوانوں کو گمراہ کرنے کی کوشش کر رہے ہیں تاہم حکومت مثبت سرگرمیوں اور آگاہی مہمات کے ذریعے نوجوانوں کی رہنمائی کر رہی ہے تاکہ انہیں درست سمت فراہم کی جاسکے تعلیم کے شعبے سے متعلق انہوں نے کہا کہ حکومت نے صوبے بھر میں تعلیمی اداروں کو فعال بنانے کے لیے عملی اقدامات کیے ہیں اور...

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Cutting No. 1 Page No. 8

THE DAILY BAAKHABAR QUETTA

روزنامہ باخبر کوئٹہ

بانی اکرام اللہ خان

جلد 30 | جمعہ 10 اپریل 2026ء بمطابق 21 شوال 1447ھ قیمت 20 روپے | شمارہ 99

# ریاست مظلوم اور قانون پسند شہریوں کیساتھ کھڑی تھی اور کھڑی رہے گی وزیراعلیٰ

بیرون ملک بیٹھے پاکستان مخالف عناصر جدید ذرائع ابلاغ کو استعمال کرتے ہوئے نوجوانوں کو گمراہ کرنے کی کوشش کر رہے ہیں اور بلوچستان سے متعلق غیر مستند تاریخی حوالوں کے ذریعے منفی ذہن سازی کی جا رہی ہے

ماضی میں احتجاج کے نام پر کئی کئی دن سڑکیں بند رکھنا معمول بن چکا تھا تاہم اب حکومت کی موثر حکمت عملی اور ریاستی رٹ کی بدولت ایسی صورتحال پر قابو پایا جا چکا ہے، میر سرفراز بگٹی کا 19ویں نیشنل ورکشاپ کے شرکاء سے خطاب

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ صوبے میں گڈ گورننس کے فروغ، شفافیت اور عوامی خدمت کے معیار کو بہتر بنانے کے لیے حکومت سنجیدہ اور ٹھوس اقدامات کر رہی ہے انہوں نے واضح کیا کہ ریاست کی رٹ، آئین کی بالادستی اور عوامی حقوق کا تحفظ حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے 19ویں نیشنل ورکشاپ بلوچستان کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کیا اس موقع پر انہوں نے شرکاء کو تاریخی سیاسی و سماجی حقائق، صوبے میں جاری اصلاحات، چیلنجز اور حکومتی حکمت عملی سے تفصیل سے آگاہ کیا وزیراعلیٰ نے کہا کہ محکمہ تعلیم میں اساتذہ کی بھرتیاں مکمل طور پر میرٹ کی بنیاد پر کی گئی ہیں اور اب تک 3200 سے زائد بند اسکولوں کو فعال بنایا جا چکا ہے جو تعلیم کے فروغ اور شرح خواندگی میں اضافے کے لیے ایک اہم پیش رفت ہے انہوں نے سوشل میڈیا کے کردار پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ بیرون ملک بیٹھے پاکستان مخالف عناصر جدید ذرائع ابلاغ کو استعمال کرتے ہوئے نوجوانوں کو گمراہ کرنے کی کوشش کر رہے ہیں اور بلوچستان سے متعلق غیر مستند تاریخی حوالوں کے ذریعے منفی ذہن سازی کی جا رہی ہے جس کا توڑ صرف مستند معلومات اور شعور کی فراہمی سے ممکن ہے وزیراعلیٰ نے نوجوانوں پر زور دیا کہ وہ مستند تاریخ کا مطالعہ کریں اور سچ اور جھوٹ میں واضح فرق کرنا سیکھیں انہوں نے کہا کہ نوجوان پاکستان کا قیمتی سرمایہ اور روشن مستقبل ہیں انہیں سوشل میڈیا سمیت ہر محاذ پر ریاست کے مثبت بیانیے کا دفاع کرنا ہوگا انہوں نے کہا کہ پرتشدد طرز عمل کا غیر متوازن ترقی سے کوئی تعلق نہیں، غیر متوازن ترقی پاکستان سمیت دنیا کے بیشتر ممالک کا مسئلہ ہے تاہم یہ کسی طور پر تشدد کو جواز فراہم نہیں کرتا، ریاست کسی کو بھی بندوق کے زور پر اپنا نظریہ مسلط کرنے کی اجازت نہیں دے سکتی میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ ریاست مظلوم اور قانون پسند شہریوں کے ساتھ کھڑی تھی اور کھڑی رہے گی، میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ آئین پاکستان کا آرٹیکل 5 ہر شہری کو ریاست کے ساتھ غیر مشروط وفاداری کا درس دیتا ہے اور یہ اصول قومی یکجہتی کی بنیاد ہے انہوں نے کہا کہ ماضی میں احتجاج کے نام پر کئی کئی دن سڑکیں بند رکھنا معمول بن چکا تھا تاہم اب حکومت کی موثر حکمت عملی اور ریاستی رٹ کی بدولت ایسی صورتحال پر قابو پایا جا چکا ہے اور کوئی بھی شاہراہ غیر معینہ مدت کے لیے بند نہیں ہونے دی جاتی وزیراعلیٰ نے اس امر کی بھی وضاحت کی کہ آئین جہاں شہریوں کو پرامن احتجاج کا حق دیتا ہے وہیں عام آدمی کے حقوق کے تحفظ کی بھی ضمانت فراہم کرتا ہے لہٰذا کسی کو یہ اجازت نہیں دی جا سکتی کہ وہ اپنے احتجاج کی آڑ میں دوسروں کے حقوق سلب کرے انہوں نے دوٹوک انداز میں کہا کہ علیحدگی پسند عناصر کی پشت پناہی کرنے والے اسٹیک ہولڈرز اور ریاست مخالف سرگرمیوں کے خلاف قانون کے مطابق سخت کارروائی جاری رہے گی مسنگ پرسنز کے حوالے سے گفتگو کرتے ہوئے وزیراعلیٰ نے کہا کہ اس حساس مسئلے کو ماضی میں ریاست کے خلاف پروپیگنڈا ٹول کے طور پر استعمال کیا گیا تاہم موجودہ حکومت نے موثر قانون سازی اور پالیسی اقدامات کے ذریعے اس مسئلے کو مستقل بنیادوں پر حل کر دیا ہے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ صوبے میں امن، ترقی اور خوشحالی کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے جائیں گے اور نوجوانوں کو مثبت اور تعمیری کردار ادا کرنے کے مواقع فراہم کیے جائیں گے تاکہ بلوچستان ایک پرامن اور ترقی یافتہ صوبہ بن سکے۔



کوئٹہ، وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی 19ویں نیشنل ورکشاپ بلوچستان کے شرکاء سے خطاب کر رہے ہیں



گوادر، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نیشنل یوتھ سمٹ کے دوران میڈیا سے بات چیت کر رہے ہیں

CamScanner

CLIPPING SERVICE
DIREC… GENERA… RELATIONS
Bullet No. 1
Page No. 4

DAILY ZAMANA
روزنامہ زمانہ کوئٹہ
بانی: سید فصیح اقبال
چیف ایڈیٹر: محمد حیدر امین
جلد 81 | جمعہ 10 اپریل 2026، 21 شوال 1447ھ | صفحات 6 | قیمت 20 روپے | شمارہ 99

وزیراعلیٰ بلوچستان

# پائیدار امن کیلئے گڈ گورننس میرٹ اور شفافیت ناگزیر ہے

## صوبے میں تمام بھرتیاں میرٹ کی بنیاد پر کی جا رہی ہیں اور کسی بھی قسم کی کرپشن یا بے ضابطگی برداشت نہیں کی جائے گی

## بلوچستان میں حالات کچھ مناسب ہیں تاہم دہشت گردی کے خلاف جنگ میں ہم ایک انچ بھی کسی صورت پیچھے ہٹنے کو تیار نہیں ہیں، سرفراز بگٹی

گوادر، کوئٹہ، جیکب آباد، مظفر گڑھ (ع ن، اے این این) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ بلوچستان کے نوجوان محب وطن ہیں اور انہیں سوشل میڈیا کے منفی پروپیگنڈوں کا ڈٹ کر مقابلہ کرنا چاہیے انہوں نے کہا کہ نوجوان ہمارا مستقبل ہیں تنقید برائے تنقید نہیں تنقید برائے اصلاح ہونی چاہیے انہوں نے کہا کہ حکومت اپنی بھرپور کاریاست پر اعتماد بحال کرے گی ان کے گلے شکوے سن کر ان کے خدشات دور کیے جائیں گے انہوں نے واضح کیا کہ ہم اپنے نوجوانوں کے سامنے جوابدہ ہیں اور آئین پاکستان نے ہمیں اس بات کا پابند بنایا ہے انہوں نے کہا ہے کہ دہشت گردی کے خاتمے اور پائیدار امن کے قیام کے لیے گڈ گورننس، میرٹ اور شفافیت پر مبنی جامع اور موثر حکمت عملی ناگزیر ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعرات کو یہاں نیشنل یوتھ سنٹ گوادر کی اختتامی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ وہ طویل تقاریر کے بجائے نوجوانوں کو سننے آئے ہیں اور ان کا مقصد نوجوانوں کے مسائل اور شکایات کو براہ راست جان کر ان کا حل تلاش کرنا ہے انہوں نے شرکاء کو ہدایت کی کہ وہ بلا خوف و جھجک اپنی رائے کا اظہار کریں سوال و جواب کے سیشن میں ان کی ہدایت پر ریکارڈنگ بند کردی گئی تاکہ ایک کھلا اور موثر مکالمہ ممکن ہو سکے انہوں نے تقریباً 45 منٹ تک نوجوانوں کے سوالات کے جوابات دیے طلبہ و طالبات نے میرٹ کی بحالی، روزگار کے مواقع، ترقیاتی منصوبوں اور دیگر اہم امور پر سوالات اٹھائے وزیراعلیٰ نے واضح کیا کہ صوبے میں تمام بھرتیاں میرٹ کی بنیاد پر کی جا رہی ہیں اور کسی بھی قسم کی کرپشن یا بے ضابطگی برداشت نہیں کی جائے گی انہوں نے بتایا کہ محکمہ تعلیم تربت میں بے ضابطگیوں پر ملوث افسران کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے انہیں معطل کیا گیا ہے جبکہ بی سی پولیس سمیت دیگر اداروں میں بھی شفافیت کو یقینی بنایا جا رہا ہے انہوں نے کہا کہ بدعنوانی اور بدانتظامی کے خاتمے کے بغیر ترقی ممکن نہیں انہوں نے محکمہ زکوٰۃ کی مثال دیتے ہوئے کہا کہ محدود وسائل کے باوجود غیر ضروری اخراجات ناقابل قبول ہیں اور نظام کی اصلاح ناگزیر ہے انہوں نے کہا کہ پرانی اور ناکارہ سرکاری گاڑیوں کے نام پر اینڈمن کے اخراجات جیسے غیر ضروری مالی بوجھ کا خاتمہ کیا جا رہا ہے اور حکومتی وسائل کے شفاف استعمال کو یقینی بنایا جا رہا ہے وزیراعلیٰ بلوچستان نے سوشل میڈیا کے کردار پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ بعض عناصر نوجوانوں کو گمراہ کرنے کی کوشش کر رہے ہیں تاہم حکومت مثبت سرگرمیوں اور آگاہی مہمات کے ذریعے نوجوانوں کی رہنمائی کر رہی ہے تاکہ انہیں درست سمت فراہم کی جا سکے تعلیم کے شعبے سے متعلق انہوں نے کہا کہ حکومت نے صوبے بھر میں تعلیمی اداروں کو فعال بنانے کے لیے عملی اقدامات کیے ہیں اور گوادر ایک مثالی ضلع بن چکا ہے جہاں تمام سرکاری اسکول فعال ہیں اور کوئی بھی اسکول بند نہیں وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ بلوچستان کے نوجوانوں کو میرٹ، شفافیت اور مساوی مواقع کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیح ہے۔



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی 19ویں نیشنل ورکشاپ بلوچستان کے شرکاء سے خطاب کر رہے ہیں



گوادر: وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے ڈپٹی کمشنر گوادر نجیب اللہ کاکڑ گوادر آمد پر مصافحہ کر رہے ہیں

CLIPPING SERVICE
DIRECTO
GENERAL O
RELATIONS BA
نظامت اعلی
حکومت
Bullet No. 1
Page No. 11

روزنامہ میزان کوئٹہ
بانی: مولانا عبدالکریم
بیاد: جمیل الرحمٰن
بیاد: برکت علی
چیف ایڈیٹر: محمد زبیر خان
جلد 77 | جمعۃ المبارک 10 اپریل 2026ء، 21 شوال المکرم 1447ھ | قیمت 20 روپے | شمارہ 217

# بلوچستان کے نوجوان محب وطن ہیں، میر سرفراز بگٹی

نوجوانوں کو سوشل میڈیا کے منفی پروپیگنڈوں کا ڈٹ کر مقابلہ کرنا چاہیے، تنقید برائے تنقید نہیں تنقید برائے اصلاح ہونی چاہیے حکومت اپنی یوتھ کا ریاست پر اعتماد بحال کریگی، انکے گلے شکوے سن کران کے خدشات دور کیے جائینگے ہم اپنے نوجوانوں کے سامنے جوابدہ ہیں

آئین پاکستان نے ہمیں اس بات کا پابند بنایا ہے دہشت گردی کے خاتمے اور پائیدار امن کے قیام کے لیے گڈ گورننس، میرٹ اور شفافیت پر مبنی جامع اور مؤثر حکمت عملی ناگزیر ہے، وزیر اعلیٰ بلوچستان کا نیشنل یوتھ سمٹ گوادر کی اختتامی تقریب سے خطاب

گوادر (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ بلوچستان کے نوجوان محب وطن ہیں اور انہیں سوشل میڈیا کے منفی پروپیگنڈوں کا ڈٹ کر مقابلہ کرنا چاہیے انہوں نے کہا کہ نوجوان ہمارا مستقبل ہیں تنقید برائے تنقید نہیں تنقید برائے اصلاح ہونی (بقیہ 2 صفحہ 2 پر)

چاہیے انہوں نے کہا کہ حکومت اپنی یوتھ کا ریاست پر اعتماد بحال کرے گی، ان کے گلے شکوے سن کران کے خدشات دور کیے جائیں گے انہوں نے واضح کیا کہ ہم اپنے نوجوانوں کے سامنے جوابدہ ہیں اور آئین پاکستان نے ہمیں اس بات کا پابند بنایا ہے انہوں نے کہا ہے کہ دہشت گردی کے خاتمے اور پائیدار امن کے قیام کے لیے گڈ گورننس، میرٹ اور شفافیت پر مبنی جامع اور مؤثر حکمت عملی ناگزیر ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعرات کو یہاں نیشنل یوتھ سمٹ گوادر کی اختتامی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ وہ طویل تقاریر کے بجائے نوجوانوں کو سننے آئے ہیں اور ان کا مقصد نوجوانوں کے مسائل اور شکایات کو براہ راست جان کر ان کا حل تلاش کرنا ہے انہوں نے شرکاء کو ہدایت کی کہ وہ بلا خوف و جھجک اپنی رائے کا اظہار کریں سوال و جواب کے سیشن میں ان کی ہدایت پر ریکارڈنگ بند کر دی گئی تاکہ ایک کھلا اور مؤثر مکالمہ ممکن ہو سکے انہوں نے تقریباً 45 منٹ تک نوجوانوں کے سوالات کے جوابات دیے طلبہ و طالبات نے میرٹ کی بحالی، روزگار کے مواقع، ترقیاتی منصوبوں اور دیگر اہم امور پر سوالات اٹھائے وزیر اعلیٰ نے واضح کیا کہ صوبے میں تمام بھرتیاں میرٹ کی بنیاد پر کی جا رہی ہیں اور کسی بھی قسم کی کرپشن یا بے ضابطگی برداشت نہیں کی جائے گی انہوں نے بتایا کہ محکمہ تعلیم تربت میں بے ضابطگیوں پر ملوث افسران کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے انہیں معطل کیا گیا ہے جبکہ بی سی پولیس سمیت دیگر اداروں میں بھی شفافیت کو یقینی بنایا جا رہا ہے انہوں نے کہا کہ بدعنوانی اور بدانتظامی کے خاتمے کے بغیر ترقی ممکن نہیں انہوں نے محکمہ زکوٰۃ کی مثال دیتے ہوئے کہا کہ محدود وسائل کے باوجود غیر ضروری اخراجات ناقابل قبول ہیں اور نظام کی اصلاح ناگزیر ہے انہوں نے کہا کہ پرانی اور ناکارہ سرکاری گاڑیوں کے نام پر ایندھن کے اخراجات جیسے غیر ضروری مالی بوجھ کا خاتمہ کیا جا رہا ہے اور حکومتی وسائل کے شفاف استعمال کو یقینی بنایا جا رہا ہے وزیر اعلیٰ بلوچستان نے سوشل میڈیا کے کردار پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ بعض عناصر نوجوانوں کو گمراہ کرنے کی کوشش کر رہے ہیں تاہم حکومت مثبت سرگرمیوں اور آگاہی مہمات کے ذریعے نوجوانوں کی رہنمائی کر رہی ہے تاکہ انہیں درست سمت فراہم کی جائے تعلیم کے شعبے سے متعلق انہوں نے کہا کہ حکومت نے صوبے بھر میں تعلیمی اداروں کو فعال بنانے کے لیے عملی اقدامات کیے ہیں اور گوادر ایک مثالی ضلع بن چکا ہے جہاں تمام سرکاری اسکول فعال ہیں اور کوئی بھی اسکول بند نہیں وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ بلوچستان کے نوجوانوں کو میرٹ، شفافیت اور مساوی مواقع کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیح ہے اور اس مقصد کے حصول کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں گے قبل ازیں نیشنل یوتھ سمٹ کی اختتامی تقریب کا آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا جبکہ قومی ترانے کے احترام میں تمام شرکاء کھڑے ہوئے اس موقع پر گوادر کی بچیوں نے روایتی انداز میں وزیر اعلیٰ کا استقبال کیا جبکہ گورنمنٹ گرلز ہیمے اسماعیل اسکول کی طالبات نے خوبصورت ٹیبلو پیش کیا تقریب سے مشیر برائے کھیل و امور نوجوانان مینا مجید بلوچ اور صوبائی وزیر منصوبہ بندی و ترقیات ظہور بلیدی نے بھی خطاب کیا اور نوجوانوں کی صلاحیتوں کو اجاگر کرنے کے عزم کا اظہار کیا۔



وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی 19 ویں نیشنل ورکشاپ بلوچستان کے شرکاء سے خطاب کررہے ہیں۔



گوادر: وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نیشنل یوتھ سمٹ کے شرکاء سے خطاب کررہے ہیں

CLIPPING SERVICE
DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN
نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان
Bullet No. 1
Page No. 12

Daily Qudrat Quetta
روزنامہ قدرت کوئٹہ
چیف ایڈیٹر نعمت اللہ
صفحات 8 قیمت 15 روپے
جلد 22 | جمعہ 10 اپریل 2026ء، 21 شوال 1447ھ | شمارہ 96



# بلوچستان کے نوجوان محب وطن ہیں
# سوشل میڈیا کے منفی پروپیگنڈے کا ڈٹ کر مقابلہ کریں

**نوجوان ہمارا مستقبل ہیں تنقید برائے تنقید نہیں تنقید برائے اصلاح ہونی چاہیے حکومت اپنی یوتھ کا ریاست پر اعتماد بحال کرے گی، ان کے گلے شکوے سن کر ان**

**بلوچ روایات کو مسخ کیا جا رہا ہے اور دشمن کے ایما پر ترقی کی راہ میں رکاوٹیں کھڑی کی جا رہی ہیں والدین اپنے بچوں کو غلط راستے سے دور رکھیں، کیونکہ برے کو برا اور فسادی کو فسادی نہ کہنا منافقت ہے صوبے**

گوادر (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ بلوچستان کے نوجوان محب وطن ہیں اور انہیں سوشل میڈیا کے منفی پروپیگنڈوں کا ڈٹ کر مقابلہ کرنا چاہیے انہوں نے کہا کہ نوجوان ہمارا مستقبل ہیں تنقید برائے تنقید نہیں تنقید برائے اصلاح ہونی چاہیے انہوں

بقیہ 1 صفحہ 6 پر



نے کہا کہ حکومت اپنی یوتھ کا ریاست پر اعتماد بحال کرے گی، ان کے گلے شکوے سن کر ان کے خدشات دور کیے جائیں گے انہوں نے واضح کیا کہ ہم اپنے نوجوانوں کے سامنے جوابدہ ہیں اور آئین پاکستان نے ہمیں اس بات کا پابند بنایا ہے انہوں نے کہا ہے کہ دہشت گردی کے خاتمے اور پائیدار امن کے قیام کے لیے گڈ گورننس، میرٹ اور شفافیت پر مبنی جامع اور موثر حکمت عملی ناگزیر ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعرات کو یہاں ینگ یوتھ سنٹ گوادر کی اختتامی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ وہ طویل تقریر کے بجائے نوجوانوں کو سننے آئے ہیں اور ان کا مقصد نوجوانوں کے مسائل اور شکایات کو براہ راست جان کر ان کا حل تلاش کرنا ہے انہوں نے شرکاء کو ہدایت کی کہ وہ بلا خوف و جھجک اپنی رائے کا اظہار کریں سوال و جواب کے سیشن میں ان کی ہدایت پر ریکارڈنگ بند کر دی گئی تاکہ ایک کھلا اور موثر مکالمہ ممکن ہو سکے انہوں نے تقریباً 45 منٹ تک نوجوانوں کے سوالات کے جوابات دیے طلبہ و طالبات نے میرٹ کی بحالی، روزگار کے مواقع، ترقیاتی منصوبوں اور دیگر اہم امور پر سوالات اٹھائے وزیر اعلیٰ نے واضح کیا کہ صوبے میں تمام بھرتیاں میرٹ کی بنیاد پر کی جا رہی ہیں اور کسی بھی قسم کی کرپشن یا بے ضابطگی برداشت نہیں کی جائے گی انہوں نے بتایا کہ محکمہ تعلیم تربت میں بے ضابطگیوں پر ملوث افسران کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے انہیں معطل کیا گیا ہے جبکہ بی سی پولیس سمیت دیگر اداروں میں بھی شفافیت کو یقینی بنایا جا رہا ہے انہوں نے کہا کہ بدعنوانی اور بدانتظامی کے خاتمے کے بغیر ترقی ممکن نہیں انہوں نے محکمہ زکوٰۃ کی مثال دیتے ہوئے کہا کہ محدود وسائل کے باوجود غیر ضروری اخراجات ناقابل قبول ہیں اور نظام کی اصلاح ناگزیر ہے انہوں نے کہا کہ پرانی اور ناکارہ سرکاری گاڑیوں کے نام پر ایندھن کے اخراجات جیسے غیر ضروری مالی بوجھ کا خاتمہ کیا جا رہا ہے اور حکومتی وسائل کے شفاف استعمال کو یقینی بنایا جا رہا ہے وزیر اعلیٰ بلوچستان نے سوشل میڈیا کے کردار پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ بعض عناصر نوجوانوں کو گمراہ کرنے کی کوشش کر رہے ہیں تاہم حکومت مثبت سرگرمیوں اور

آگاہی مہمات کے ذریعے نوجوانوں کی رہنمائی کر رہی ہے تاکہ انہیں درست سمت فراہم کی جائے تعلیم کے شعبے سے متعلق انہوں نے کہا کہ حکومت نے صوبے بھر میں تعلیمی اداروں کو فعال بنانے کے لیے عملی اقدامات کیے ہیں اور گوادر ایک مثالی ضلع بن چکا ہے جہاں تمام سرکاری اسکول فعال ہیں اور کوئی بھی اسکول بند نہیں وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ بلوچستان کے نوجوانوں کو میرٹ، شفافیت اور مساوی مواقع کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیح ہے اور اس مقصد کے حصول کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں گے قبل ازیں ینگ یوتھ سنٹ کی اختتامی تقریب کا آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا جبکہ قومی ترانے کے احترام میں تمام شرکاء کھڑے ہوئے اس موقع پر گوادر کی بچیوں نے روایتی انداز میں وزیر اعلیٰ کا استقبال کیا جبکہ گورنمنٹ گرلز ہائی اسماعیل اسکول کی طالبات نے خوبصورت ٹیبلو پیش کیا تقریب سے مشیر برائے کھیل و امور نوجوانان مینا مجید بلوچ اور صوبائی وزیر منصوبہ بندی و ترقیات ظہور بلیدی نے بھی خطاب کیا اور نوجوانوں کی صلاحیتوں کو اجاگر کرنے کے عزم کا اظہار کیا۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE
DIRECT[...]
GENERAL [...]
RELATIONS B[...]
نظامت اعلیٰ [...]
حکومت ب[...]
Bullet No. 1
Page No. 13


Daily BALOCHISTAN NEWS QUETTA
روزنامہ بلوچستان نیوز کوئٹہ
چیف ایڈیٹر محمد انور ناصر
MEMBER OF APNS | رجسٹرڈ ڈی سی پی-10 | شمارہ 47
قیمت 15 روپے | FaX:2839867 | Ph :2839851 | جلد 29
جمعہ 10 اپریل 2026ء | 21 شوال | 1447ھ

# ریاست کسی کو بھی بندوق کے زور پر اپنا نظریہ مسلط کرنے کی اجازت نہیں دے سکتی، سرفراز بگٹی

پرتشدد طرز عمل کا غیر متوازن ترقی سے کوئی تعلق نہیں، نیشنل ورکشاپ کے شرکاء سے خطاب، بلوچستان حساس خطہ ہے، دہشتگردی کیخلاف جنگ میں ایک انچ بھی پیچھے نہیں ہٹیں گے، جیکب آباد میں بات چیت

ریاست پر یوتھ کا اعتماد بحال، گلے شکوے سن کر خدشات دور کیے جائیں گے، برے کو برا اور فسادی کو فسادی نہ کہنا منافقت ہے، پنجگور اور گوادر میں خطاب

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ صوبے میں گڈ گورننس کے فروغ، شفافیت اور عوامی خدمت کے معیار کو بہتر بنانے کے لیے حکومت سنجیدہ اور ٹھوس اقدامات کر رہی ہے انہوں نے واضح کیا کہ ریاست کی رٹ، آئین کی بالادستی اور عوامی حقوق کا تحفظ حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے 19 ویں نیشنل ورکشاپ بلوچستان کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کیا اس موقع پر انہوں نے شرکاء کو تاریخی، سیاسی و سماجی حقائق، صوبے میں جاری اصلاحات، چیلنجز اور حکومتی حکمت عملی سے تفصیل سے آگاہ کیا وزیراعلیٰ نے کہا کہ محکمہ تعلیم میں اساتذہ کی بھرتیاں مکمل طور پر میرٹ کی بنیاد پر کی گئی ہیں اور اب تک 3200 سے زائد بند اسکولوں کو فعال بنایا جا چکا ہے جو تعلیم کے فروغ اور شرح خواندگی میں اضافے کے لیے ایک اہم پیش رفت ہے انہوں نے سوشل میڈیا کے کردار پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ بیرون ملک بیٹھے پاکستان مخالف عناصر جدید ذرائع ابلاغ کو استعمال کرتے ہوئے نوجوانوں کو گمراہ کرنے کی کوشش کر رہے ہیں اور بلوچستان سے متعلق غیر مستند تاریخی حوالوں کے ذریعے منفی ذہن سازی کی جا رہی ہے جس کا توڑ صرف مستند معلومات اور شعور کی فراہمی سے ممکن ہے وزیراعلیٰ نے نوجوانوں پر زور دیا کہ وہ مستند تاریخ کا مطالعہ کریں اور سچ اور جھوٹ میں واضح فرق کر سکیں انہوں نے کہا کہ نوجوان پاکستان کا قیمتی سرمایہ اور روشن مستقبل ہیں انہیں سوشل میڈیا سمیت ہر محاذ پر ریاست کے مثبت بیانیے کا دفاع کرنا ہوگا انہوں نے کہا کہ پرتشدد طرز عمل کا غیر متوازن ترقی سے کوئی تعلق نہیں، غیر متوازن ترقی پاکستان سمیت دنیا کے بیشتر ممالک کا مسئلہ ہے تاہم یہ کسی طور پر تشدد کو جواز فراہم نہیں کرتا، ریاست کسی کو بھی بندوق کے زور پر اپنا نظریہ مسلط کرنے کی اجازت نہیں دے سکتی میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ ریاست مظلوم اور قانون پسند شہریوں کے ساتھ کھڑی تھی اور کھڑی رہے گی، میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ آئین پاکستان کا آرٹیکل 5 ہر شہری کو ریاست کے ساتھ غیر مشروط وفاداری کا درس دیتا ہے اور یہ اصول قومی یکجہتی کی بنیاد ہے انہوں نے کہا کہ ماضی میں احتجاج کے نام پر کئی کئی دن سڑکیں بند رکھنا معمول بن چکا تھا تاہم اب حکومت کی موثر حکمت عملی اور ریاستی رٹ کی بدولت ایسی صورتحال پر قابو پایا جا چکا ہے اور کوئی بھی شاہراہ غیر معینہ مدت کے لیے بند نہیں ہونے دی جاتی وزیراعلیٰ نے اس امر کی بھی وضاحت کی کہ آئین جہاں شہریوں کو پرامن احتجاج کا حق دیتا ہے وہیں عام آدمی کے حقوق کے تحفظ کی بھی ضمانت فراہم کرتا ہے لہٰذا کسی کو یہ اجازت نہیں دی جا سکتی کہ وہ اپنے احتجاج کی آڑ میں دوسروں کے حقوق سلب کرے انہوں نے دوٹوک انداز میں کہا کہ علیحدگی پسند عناصر کی کٹھ پتلی [...] اور ریاست مخالف سرگرمیوں کے خلاف قانون کے مطابق سخت کارروائی جاری رہے گی [...] کے حوالے سے گفتگو کرتے ہوئے وزیراعلیٰ نے کہا کہ اس حساس مسئلے کو ماضی میں ریاست کے خلاف پروپیگنڈا ٹول کے طور پر استعمال کیا گیا تاہم موجودہ حکومت نے موثر قانون سازی اور پالیسی اقدامات کے ذریعے اس مسئلے کو مستقل بنیادوں پر حل کر دیا ہے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ صوبے میں امن، ترقی اور خوشحالی کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے جائیں گے اور نوجوانوں کو مثبت اور تعمیری کردار ادا کرنے کے مواقع فراہم کیے جائیں گے تاکہ بلوچستان ایک پرامن اور ترقی یافتہ صوبہ بن سکے۔



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی 19 ویں نیشنل ورکشاپ کے شرکاء سے خطاب کر رہے ہیں

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ بلوچستان ایک حساس خطہ ہے جہاں حالات میں اتار چڑھاؤ آتے رہتے ہیں تاہم صوبائی حکومت دہشت گردی کے خلاف جاری جنگ میں کسی بھی صورت ایک انچ بھی پیچھے نہیں ہٹے گی انہوں نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی نے ہمیشہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں قائدانہ کردار ادا کیا ہے اور اس جدوجہد میں شہید محترمہ بینظیر بھٹو سمیت سینکڑوں کارکنوں نے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعرات کے روز جیکب آباد میں پاکستان پیپلز پارٹی کے رکن قومی اسمبلی و چیف وہپ میر اعجاز حسین جکھرانی سے ان کے والد میر احمد نواز المعروف میر بابل خان جکھرانی کے انتقال پر تعزیت کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا وزیراعلیٰ بلوچستان نے ایرانی پیٹرول کی قیمتوں سے متعلق ایک سوال کے جواب میں وضاحت کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان میں ایرانی پیٹرول کی کوئی سرکاری قیمت مقرر نہیں کی گئی سرحدی علاقوں میں محدود سطح پر ایرانی پیٹرول کی غیر رسمی تجارت ہوتی ہے تاہم صوبے کے دیگر علاقوں میں پیٹرولیم مصنوعات کے وہی سرکاری نرخ لاگو ہیں جو ملک کے دیگر حصوں میں نافذ ہیں عالمی صورتحال، خصوصاً امریکہ اور ایران کے درمیان کشیدگی پر گفتگو کرتے ہوئے وزیراعلیٰ نے کہا کہ اگر جنگ بندی نہ ہوتی تو اس کے اثرات پورے خطے، بالخصوص بلوچستان پر شدید مرتب ہوتے کیونکہ صوبہ جغرافیائی طور پر ہمسایہ ممالک کے قریب واقع ہے۔ انہوں نے صدر آصف علی زرداری، وزیراعظم شہباز شریف اور بالخصوص فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی قیادت کو سراہتے ہوئے کہا کہ ان کی دانشمندانہ حکمت عملی کے باعث نہ صرف پاکستان کو ایک بڑے بحران سے بچایا گیا بلکہ عالمی سطح پر ملک کا وقار بھی بلند ہوا ہے انہوں نے کہا کہ آج پاکستان ایک ذمہ دار ریاست کے طور پر عالمی برادری میں اپنا مثبت اور موثر کردار ادا کر رہا ہے جو پوری قوم کے لیے باعث فخر ہے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے میر احمد نواز خان المعروف میر بابل خان جکھرانی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ یہ نقصان صرف جکھرانی خاندان یا قبیلے کا نہیں بلکہ پورے علاقے کے قبائل کا اجتماعی نقصان ہے، جس کی کمی ہمیشہ محسوس کی جائے گی اس موقع پر صوبائی وزراء میر سلیم کھوسہ، میر ظہور بلیدی، عبدالمجید بادینی، مولوی نور اللہ، حاجی برکت رند سمیت دیگر [...]

# Balochistan Times

92 NEWS MEDIA GROUP

1

14

balochistantimes.pk @balochistantimes.pk BTimes_pk

Regd No. B.C.6 VOL XLV No. 1423 QUETTA Friday April 10, 2026 / Shawwal 21, 1447 Rs: 30




GWADAR: Chief Minister Mir Sarfraz Bugti addressing National Youth Summit on Thursday.

# Bugti reaffirms commitment to merit, transparency

## Offers condolence on death of Babal Jakhrani

Staff Report

GWADAR: Chief Minister (CM) Balochistan, Mir Sarfraz Bugti, has called on the province's youth to stand firm against negative propaganda on social media, stressing that they are patriotic and represent the future of Pakistan.

Speaking at the closing ceremony of the National Youth Summit in Gwadar, he emphasized that criticism should be constructive and aimed at reform rather than mere opposition.

Sarfraz Bugti assured participants that the government is committed to restoring young people's trust in the state by listening to their grievances and addressing their concerns. "We are accountable to our youth, and the Constitution of Pakistan binds us to this responsibility," he said.

Highlighting governance priorities, the CM underscored that good governance, merit, and transparency are essential for eliminating terrorism and ensuring sustainable peace. He noted that all government recruitments are being conducted strictly on merit, with no tolerance for corruption or irregularities. He cited recent disciplinary action against education officials in Turbat and measures to ensure transparency in the Balochistan Police and other departments.

Sarfraz Bugti also pointed to reforms in resource management, including eliminating unnecessary expenses such as fuel allocations for outdated government vehicles, to ensure efficient use of public funds.

He highlighted that all government schools in Gwadar are now functional, making the district a model for the province. CM Sarfraz Bugti also warned that some elements are attempting to mislead youth through social media, but the government is countering this with awareness campaigns and positive initiatives.Moreover, Chief Minister Sarfraz Bugti has arrived in Jacobabad.Sarfraz Bugti reached the Jakrani House.He offered condolences to the sons of the late Mir Babal Khan Jakrani — MNA Mir Ijaz Hussain Jakrani and Azad Khan Jakrani on his passing.

Strict security measures have been implemented, with major roads sealed.

Speaking to the media,Chief Minister of Balochistan Sarfraz Bugti said he was deeply saddened by Babal Jakrani's death. He added that in the ongoing war against terrorism in Balochistan, the provincial government has played a key role against terrorists, and all terrorists have been dealt with to the end. He further stated that the security situation in Balochistan is now improving compared to the past.

He said the Pakistan Peoples Party has always opposed terrorists, and the party's mission is to restore peace and order in the country, with continued efforts being made in this regard.

CamScanner

# طلبہ کو پولیسنگ نظام بارے آگاہی کی اشد ضرورت ہے، ڈی آئی جی

## پولیس آفیسرز و اہلکار بچوں کے ساتھ شفقت اور ہمدردی سے پیش آئیں تاکہ وہ بھی ہمیں ہمدرد سمجھ سکیں

**مختلف سکولوں کے طلباء کے تھانہ سول لائن کے خصوصی دورے کے موقع پر لیفٹیننٹ (ر) عمران شوکت کی گفتگو**

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) ڈپٹی انسپکٹر جنرل پولیس کوئٹہ لیفٹیننٹ (ر) عمران شوکت نے کہا ہے کہ طلباء اور بچے ہمارے مستقبل کے معمار ہیں انہیں تعلیم کے دوران پولیس کے نظام اور فرائض کی بجا آوری کے حوالے سے مکمل آگاہی ہونے چاہئے کہ کسی بھی ناگہانی اور ایمرجنسی کی صورت میں وہ 15 کا نمبر یاد رکھیں اور فوری پر اس پر اطلاع دیں انہیں ریڈ لائن کے تصور سے ہی مکمل شعور و آگاہی ہونی چاہئے اور پولیس آفیسران دیگر عملہ بچوں کے ساتھ شفقت، نرمی اور ہمدردی کے ساتھ پیش آئے تاکہ وہ انہیں اپنا ہمدرد سمجھ سکیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز کوئٹہ کے مختلف سکولوں کے طلباء کو تھانہ سول لائن کے خصوصی دورے کے موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر آفیسران بھی موجود تھے۔ ڈی آئی جی پولیس کوئٹہ نے تھانے کے دورے پر آنے والے بچوں کو بتایا کہ پولیس عوام کی خادم ہے حاکم نہیں اس کا بنیادی مقصد اپنے فرائض کی بجا آوری کے دوران شہریوں کی خدمت اور حفاظت کو یقینی بنانا ہے انہوں نے بچوں کو ہدایت کی کہ وہ کسی بھی ایمرجنسی یا ہنگامی صورتحال میں فوری طور پر 15 کا نمبر ہمیشہ یاد رکھیں اور فوری طور پر اس پر کال کریں پولیس آپ کی حفاظت کی ضامن ہے اور ہر شہری کی ذمہ داری ہے کہ وہ قانون کی پاسداری کرے انہوں نے بچوں کو "ریڈ لائن" کے تصور ہی سے شعور و آگاہی دی اور تاکید کی کہ کسی بھی صورتحال میں قانون کی حد کو عبور نہ کرتے دیں اور اگر کوئی شخص ایسا اقدام کرے تو فوراً پولیس کو اطلاع دینی چاہئے اس موقع پر انہوں نے سکول کے بچوں کو تھانہ کے مختلف شعبہ جات کا دورہ کروایا اور پولیس کی پیشہ ورانہ ذمہ داریوں اور فرائض کے بارے میں آگاہی دیتے ہوئے کہا کہ بچوں میں قانون کی آگاہی ہی پولیس پر ان کا اعتماد بڑھانے میں ایک مثبت پیش رفت ہے انہوں نے کہا کہ بچوں کو تھانہ کا دورہ کرانے کا مقصد بچوں میں قانون کی پاسداری، اعتماد کی بحالی اور پولیس کے ساتھ مثبت تعلق کو فروغ دینا ہے۔

# عوامی منصوبوں کو فوری طور پر مکمل کیا جائے، سیکرٹری مواصلات

## نامکمل منصوبوں کے حوالے سے بریفنگ کے بعد بابر خان نے ذمہ داروں پر سخت برہمی کا اظہار کیا

**تمام زونز کے چیف انجینئرز، سپرنٹنڈنگ انجینئرز اور ضلعی ایگزیکٹو انجینئرز نے بذریعہ زوم شرکت کی**

کوئٹہ (آن لائن) سیکرٹری مواصلات و تعمیرات بابر خان کی زیر صدارت صوبے میں جاری نامکمل ترقیاتی منصوبوں کی پیش رفت اور درپیش مسائل کا جائزہ لینے کے لیے ایک اہم اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں صوبے کے تمام چھ زونز کے چیف انجینئرز، سپرنٹنڈنگ انجینئرز اور ضلعی ایگزیکٹو انجینئرز نے بذریعہ زوم شرکت کی اجلاس کے دوران صوبے بھر کے ضلعی ایگزیکٹو انجینئرز نے فرداً فرداً اپنے اپنے اضلاع میں جاری مگر تاحال نامکمل منصوبوں کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی بریفنگ میں ان منصوبوں کی تکمیل میں حائل رکاوٹوں جن میں تکنیکی مسائل مالی مشکلات اور دیگر انتظامی امور شامل تھے پر تفصیلی غور و خوض کیا گیا اس موقع پر سیکرٹری مواصلات و تعمیرات بابر خان نے نامکمل منصوبوں پر سخت برہمی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ایسے تمام منصوبے جو کسی بھی وجہ سے التواء کا شکار ہیں انہیں فوری طور پر مکمل کیا جائے انہوں نے واضح کیا کہ تاخیر کے حوالے سے کسی قسم کا جواز یا بہانہ قابل قبول نہیں ہوگا انہوں نے افسران کو ہدایت کی کہ وہ اس سنگین مسئلے کے حل کے لیے سنجیدگی اور ذمہ داری کا مظاہرہ کریں اور مؤثر حکمت عملی اپناتے ہوئے رکاوٹوں کو فوری طور پر دور کریں ان کا کہنا تھا کہ نامکمل منصوبے نہ صرف عوامی فلاح و بہبود میں رکاوٹ بنتے ہیں بلکہ محکمہ مواصلات و تعمیرات کی مجموعی کارکردگی پر بھی منفی اثرات مرتب کرتے ہیں سیکرٹری مواصلات و تعمیرات بابر خان نے کہا کہ تمام زیر التواء منصوبوں کی بروقت تکمیل کو یقینی بنانے کے لیے عملی اقدامات کیے جائیں گے انہوں نے واضح کیا کہ تاخیر کے حوالے سے کسی قسم کا جواز یا بہانہ قابل قبول نہیں ہوگا انہوں نے افسران کو ہدایت کی کہ وہ اس سنگین مسئلے کے حل کے لیے سنجیدگی اور ذمہ داری کا مظاہرہ کریں اور مؤثر حکمت عملی اپناتے ہوئے رکاوٹوں کو فوری طور پر دور کریں ان کا کہنا تھا کہ نامکمل منصوبے نہ صرف عوامی فلاح و بہبود میں رکاوٹ بنتے ہیں بلکہ محکمہ مواصلات و تعمیرات کی مجموعی کارکردگی پر بھی منفی اثرات مرتب کرتے ہیں سیکرٹری مواصلات و تعمیرات بابر خان نے کہا کہ تمام زیر التواء منصوبوں کی بروقت تکمیل کو یقینی بنانے کے لیے عملی اقدامات کیے جائیں گے اور پیش رفت کا باقاعدہ جائزہ لیا جائے گا۔

# ایل آر ڈی کو جلد از جلد مکمل کیا جائے، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (ریونیو)

**تاکہ عوام کو زمین کے ریکارڈ تک رسائی میں آسانی فراہم ہو سکے اور شفافیت یقینی ہو**

کوئٹہ (خ ن) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (ریونیو) حافظ محمد طارق کی زیر صدارت لینڈ ریکارڈ، تحصیل ریکارڈ اور رجسٹرار آفس کی ڈیجیٹلائزیشن کے حوالے سے ایک اجلاس منعقد ہوا، جس کی صدارت نے کی۔ اجلاس میں تحصیلدار سٹی، تحصیلدار صدر، تحصیلدار سریاب اور تحصیلدار کچلاک نے شرکت کی، جبکہ قانونگو اور پٹواریان بھی اجلاس میں موجود تھے۔ اجلاس کے دوران کوئٹہ کے تمام ریکارڈ کو آن لائن کرنے کے حوالے سے تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ تمام سب ڈویژنز کے تحصیلداران نے اپنی اپنی پیش رفت پر مبنی رپورٹس پیش کیں اور ان مواضعات کے بارے میں آگاہ کیا جو پہلے ہی آن لائن کیے جا چکے ہیں۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (ریونیو) نے ہدایت جاری کی کہ ڈیجیٹلائزیشن کے عمل کو جلد از جلد مکمل کیا جائے اور پیش رفت رپورٹ بروقت جمع کرائی جائے تاکہ عوام کو زمین کے ریکارڈ تک رسائی میں آسانی فراہم ہو سکے اور شفافیت کو یقینی بنایا جا سکے۔

Century Express Quetta

# ضلعی انتظامیہ کی سٹیشنری اور کتب فروشوں کیخلاف کارروائی

**...ے سی سٹی کوئٹہ نے دکانوں کا معائنہ اور قیمتوں کا جائزہ لیا اور ہدایات دیں**

کوئٹہ (خ ن) عوامی شکایات کے پیش نظر ...پٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی کی ہدایات پر ضلعی ...نتظامیہ نے شہر بھر میں اسٹیشنری اور کتب فروشوں ...ے خلاف بھرپور کارروائی کا آغاز کر دیا۔ اس سلسلے ...ں اسسٹنٹ کمشنر (سٹی) محمد امیر حمزہ نے اسپیشل ...سٹریٹس اور زیر تربیت اسسٹنٹ کمشنرز کے ہمراہ ...بدرروڈ، آرچر روڈ، آرٹ اسکول روڈ سمیت مختلف ...قوں میں قائم کتب خانوں اور اسٹیشنری شاپس کا ...فصیلی معائنہ کیا۔ دورے کے دوران درسی کتب اور کورسز کی قیمتوں کا باریک بینی سے جائزہ لیا گیا اور دکانداروں کو سرکاری نرخناموں پر سختی سے عملدرآمد یقینی بنانے کی ہدایت کی گئی۔ خلاف ورزی کے مرتکب متعدد دکانداروں کو موقع پر وارننگ جاری کی گئی جبکہ آئندہ کے لیے سخت قانونی کارروائی سے بھی آگاہ کیا گیا۔ ضلعی انتظامیہ نے واضح کیا کہ کتابوں کی مصنوعی قلت کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی اور فوری طور پر شارٹیج ختم کرنے کے احکامات جاری کر دیے گئے ہیں۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 4

Dated: 10 APR 2026

Page No. 19

## کوئٹہ: گوالمنڈی پولیس اسٹیشن پر دستی بم حملہ، ایک اہلکار زخمی

**بم تھانے کے اندرونی گیٹ کے قریب گرا، حملہ آور فرار، سی سی ٹی وی کیمروں کی مدد سے تلاش شروع**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) گوالمنڈی پولیس اسٹیشن پر موٹرسائیکل سواروں کا دستی بم حملہ ایک اہلکار زخمی ہو گیا پولیس کے مطابق نامعلوم موٹرسائیکل سوار گزشتہ روز گوالمنڈی پولیس اسٹیشن پر دستی بم پھینک کر فرار ہو گئے بم تھانے کے اندرونی گیٹ کے قریب گر کر زوردار دھماکے سے پھٹ گیا جس کے نتیجے میں گیٹ ڈیوٹی پر موجود کانسٹیبل محمد عابد شدید زخمی ہو گیا تھانے کے عملے نے فوری طور پر زخمی کو سول ہسپتال منتقل کیا جہاں طبی امداد کے بعد زخمی کو سی ایم ایچ منتقل کر دیا گیا جبکہ بم حملے کی اطلاع ملنے پر پولیس، سی ٹی ڈی اور سیکورٹی فورسز کی بھاری نفری نے موقع پر پہنچ کر علاقے کو گھیرے میں لے کر سی سی ٹی وی کیمروں کی مدد سے ملزمان کی تلاش شروع کر دی۔

## دشت کمبیلا، مسلح افراد کا صوبائی وزیر کے فارم ہاؤس پر حملہ مشینری اور سامان نذر آتش

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) دشت کمبیلا میں نامعلوم مسلح افراد کا صوبائی وزیر کے فارم ہاؤس پر حملہ مشینری اور سامان کو نذر آتش کر دیا۔ پولیس کے مطابق نامعلوم مسلح افراد نے بدھ کی شب دشت کے علاقے کمبیلا میں واقعہ صوبائی وزیر میر عاصم کرد گیلو کے فارم ہاؤس میں گھس کر وہاں موجود مشینری اور سامان کو آگ لگا دی جبکہ عمارت کو بھی شدید نقصان پہنچایا اطلاع ملنے پر پولیس اور دیگر قانون نافذ کرنے والے ادارے موقع پر پہنچ گئے جبکہ حملہ آور فرار ہو گئے۔

## ژوب: انتظامیہ کی کارروائی، پوست کی فصل تلف، 8 ملزمان گرفتار

ژوب (نامہ نگار) ضلعی انتظامیہ کی کامیاب کارروائی پوست کی کاشت میں ملوث آٹھ ملزمان گرفتار تفصیلات کے مطابق ضلعی انتظامیہ نے سیہان اور مرغہ کبزئی کے علاقوں میں پوست کی فصل کے خلاف بڑی کارروائی کی ہے اسسٹنٹ کمشنر محمد نوید عالم نے کیو آر ایف فورس کے ہمراہ کامیاب کارروائی کرتے ہوئے تقریباً 30 ایکڑ اراضی پر کاشت کی گئی پوست کی فصل کو تلف اور 8 افراد صابر شاہ قادر خان، محمد رفیق حیات اللہ عصمت اللہ، داؤد خان، جانان اور رفیع اللہ کو گرفتار کر لیا ضلعی انتظامیہ کے مطابق گرفتار افراد کو ڈپٹی کمشنر ژوب کی ہدایت پر 3 ایم پی او کے تحت 30 روز کے لیے جیل منتقل کیا جائے گا۔

MASHRIQ QUETTA

## نوتال، ڈیرہ بگٹی میں فائرنگ کے واقعات، 1 شخص ہلاک، 8 افراد زخمی

**نوتال واقعہ میں ملوث ایک شخص گرفتار، پولیس مزید تحقیقات کر رہی ہے**

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ڈیرہ مراد جمالی نوتال اور ڈیرہ بگٹی مختلف فائرنگ کے واقعات ایک شخص ہلاک دو خواتین ایک بچے سمیت آٹھ افراد زخمی ہو گئے ایک حملہ آور بھی گرفتار آلہ قتل برآمد کر لیا گیا پولیس کے مطابق ڈیرہ بگٹی سوئی پولیس تھانے کی سفاری کے دو رہائشی افراد پر مسلح افراد کی فائرنگ کر دی گئی جس کے نتیجے میں ایک شخص ابراہیم چاکرانی بگٹی ہلاک جبکہ حمزہ چاکرانی شدید زخمی ہو گئے فائرنگ کے بعد مسلح افراد فرار جبکہ زخمی کو مقامی ہسپتال......... بقیہ 55 صفحہ نمبر 7 پر

جمالی منتقل کر دیا گیا نوتال پولیس تھانے کی حدود نوتال سٹی میں سیال قبیلے کے دو گروپ میں مسلح تصادم فائرنگ سے محمد شریف سیال زخمی ہو گیا زخمی کو ٹیچنگ ہسپتال ڈیرہ مراد جمالی منتقل کر دیا گیا نوتال پولیس کی فوری کارروائی فائرنگ میں ملوث ایک حملہ آور گرفتار اسلحہ برآمد مقدمہ درج کر لیا گیا صحبت پور کے قریب پولیس تھانہ شہید ملک محمد علی کی حدود گوٹھ عبدالرحمان کھوسو میں دو سگے بھائیوں میں اراضیات کے تنازعے پر فائرنگ جس کے نتیجے میں عبدالوہاب کھوسو شدید زخمی ہو گئے زخمی کو صحبت پور سول اسپتال منتقل کر دیا گیا جبکہ ڈیرہ مراد جمالی میں بازار میں روڈ حادثے میں دو خواتین ایک بچہ سمیت پانچ افراد زخمی ہو گئے زخمیوں کو ٹیچنگ ہسپتال ڈیرہ مراد جمالی منتقل کر دیا گیا ان واقعات کی متعلقہ پولیس مزید تحقیقات کر رہی ہے۔

CamScanner

# گوادر: پاکستان کا مستقبل؟


کارزار

☆☆☆

انور غازی



anwer.ghazl@janggroup.com.pk


آج ہم بات کریں گے عالمی معاشی جنگ کے ایک نئے محاذ کی ۔ یادش بخیر! 29 مارچ 2026ء کو پاکستان کے ساحل پر ایک ایسی دستک ہوئی جس نے دہلی، تل ابیب اور خلیج کے ایوانوں میں صفِ ماتم بچھا دی۔ لوگ کہتے تھے گوادر ایک بنجر خواب ہے، لیکن M/V HMO LEADER نامی جہاز کی لنگر اندازی نے ثابت کر دیا کہ یہ خواب اب حقیقت بن کر دشمنوں کا دم گھونٹ رہا ہے۔ یہ جہاز صرف کارگو لے کر نہیں آیا، بلکہ یہ ان طاقتوں کیلئے پیغام موت ہے جو گوادر کو دفن کرنے کی قسم کھا چکی تھیں۔ آیئے دیکھتے ہیں کہ گوادر کے اعداد و شمار کیوں دنیا کو ہضم نہیں ہو رہے۔ یہ صرف بندرگاہ نہیں، یہ ایک دیو ہے۔

گوادر بندرگاہ پاکستان گہرائی 14 سے 18 میٹر۔ صلاحیت فی الحال 12 لاکھ کنٹینرز، لیکن مستقبل کا ہدف 40 کروڑ ٹن سامان یعنی سالانہ 2 کروڑ کنٹینرز ہے۔ اہمیت : یہ سی پیک (CPEC) کا دل ہے اور اپنی گہرائی کی وجہ سے دنیا کے بڑے جہازوں کیلئے بہترین ہے۔

چاہ بہار بندرگاہ ایران گہرائی 16 میٹر۔ صلاحیت: ابھی 25 لاکھ ٹن یعنی 1 لاکھ 25 ہزار کنٹینرز، جسے زیادہ سے زیادہ 85 لاکھ ٹن تک لے جایا جا سکتا ہے۔ اہمیت: بھارت نے اسے گوادر کے مقابلے میں متبادل کے طور پر تیار کرنے کی کوشش کی ہے۔ جبل علی بندرگاہ متحدہ عرب امارات گہرائی 17 میٹر۔ صلاحیت: تقریباً 1 کروڑ 93 لاکھ کنٹینر۔ اہمیت : یہ اس وقت مشرقِ وسطیٰ کی سب سے فعال اور بڑی بندرگاہ ہے۔

نوا شیوا / JNPT بھارت گہرائی 15 میٹر۔ صلاحیت 55 لاکھ کنٹینرز۔ اہمیت: یہ بھارت کی سب سے بڑی اور اہم ترین کنٹینر بندرگاہ ہے۔

صلالہ بندر گاہ عمان گہرائی 18 میٹر۔ صلاحیت 50 لاکھ کنٹینرز۔ اہمیت: بحیرہ عرب میں تجارت اور جہازوں کی آمد و رفت کا ایک بڑا مرکز ہے۔

گوادر اپنی گہرائی اور مستقبل کی گنجائش (40 کروڑ ٹن سالانہ 2 کروڑ کنٹینرز)، کے لحاظ سے تمام بندرگاہوں کو پیچھے چھوڑنے کی صلاحیت رکھتی ہے، یہی وجہ ہے کہ یہ عالمی سیاست کا مرکز بنی ہوئی ہے۔ آخر یہ ممالک کیوں متحد ہیں؟ دبئی کی معیشت کا 30 فیصد حصہ جبل علی پورٹ پر منحصر ہے۔ گوادر کے فعال ہونے کا مطلب ہے کہ جہازوں کو اب آبنائے ہرمز کے خطرناک راستے میں جانے کی ضرورت نہیں رہے گی۔ یہ دبئی کے معاشی تابوت میں آخری کیل ثابت ہوگا۔

بھارت نے چاہ بہار پر جوا کھیلا تھا تاکہ پاکستان کو بائی پاس کر سکے۔ لیکن گوادر کی گہرائی اور سی پیک کے انفراسٹرکچر نے چاہ بہار کو ایک مقامی بندرگاہ تک محدود کر دیا ہے۔ امریکہ اور اسرائیل جس مڈل ایسٹ اکنامک کوریڈور (IMEC) کا ڈھنڈورا پیٹ رہے ہیں، گوادر اس کے سینے پر مونگ دل رہا ہے کیونکہ یہ چین کے ساتھ مل کر دنیا کا سب سے محفوظ تجارتی راستہ بن رہا ہے۔

بھارت نے ایران کی سرزمین کو گوادر کے خلاف پروپیگنڈا اور جاسوسی کیلئے استعمال کیا۔ افغانستان میں بیٹھے دہشت گرد گروہوں کو فنڈنگ فراہم کی جاتی ہے تاکہ پاکستان کی مغربی سرحدوں پر آگ لگی رہے اور سی پیک کا روٹ غیر محفوظ قرار دیا جائے۔ جب باہر سے بس نہیں چلا، تو گھر کے اندر آگ لگائی گئی۔ علیحدگی پسندوں کو ڈالر اور اسلحہ فراہم کیا جاتا ہے تاکہ وہ چینی انجینئرز کو نشانہ بنائیں۔ مقامی ماہی گیروں کو جھوٹے خواب دکھائے گئے کہ ان کا سمندر چھین لیا جائے گا، جبکہ حقیقت میں گوادر ان کیلئے 60 بلین ڈالر کی معیشت کا دروازہ ہے۔ گوادر اب محض ایک پروجیکٹ نہیں، پاکستان کی شہ رگ ہے۔ 23 مارچ 2026ء کو آنے والا جہاز صرف آغاز ہے۔ آنے والے دنوں میں گوادر کی یہ لہریں دبئی اور ممبئی کے ساحلوں پر خاموشی طاری کر دیں گی۔

وفاقی وزیر جنید انوار چوہدری کا کہنا ہے کہ یہ Blue Economy کا انقلاب ہے۔ کیا آپ کو لگتا ہے کہ پاکستان ان عالمی سازشیوں کا مقابلہ کر پائے گا؟ بہرحال پاکستان کا مستقبل ہر اعتبار سے روشن ہے۔ ہمیں اپنے پاکستانی ہونے پر فخر کرنا اور انتھک محنت کرنی چاہیے۔


CS CamScanner

CLIPPING SERVICE

RECTORATE
ERAL OF PUBLIC
ONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Baakhabar Quetta

Dated: 10 APR 2026 Page No. 22

# کلین کوئٹہ۔

**تحریر: علیشا بگٹی--**

لٹل پیرس کہلانے والا کوئٹہ اس وقت گندگی کے ڈھیر میں تبدیل ہو چکا ہے۔ کوئٹہ شہر میں صفائی ستھرائی کی صورتحال ابتر ہے۔ کوئٹہ ایک چھوٹا سا شہر ہے۔ جس کا صفائی انتہائی آسان ہے، بدقسمتی سے یہاں ہمیشہ سے کرپشن عروج پر ہے۔ ایک تو ٹھیکہ نجی کمپنی کو ملا ہے۔ مگر صفائی نہیں اور کچرے پڑے ہوتے ہیں۔ انتہائی افسردہ حالات ہیں۔

صفا کوئٹہ نے 14 اگست 2024 سے سٹلائٹ ٹاؤن سے کام شروع کیا۔ شہر میں روز لاکھوں ٹن کچرہ جمع ہوتا ہے۔ کئی عارضی ڈمپ پوائنٹس قائم کئے گئے۔ صفا کوئٹہ پراجیکٹ میں 12 سو سے زیادہ نوکری پیدا کی گئی ہے۔ میٹروپولیٹن کارپوریشن کی جانب سے 217 گاڑیاں اور مشنریز حوالے کئے گئے۔

وزیراعلی بلوچستان سرفراز بگٹی نے "صفا کوئٹہ" پراجیکٹ کے توسیعی منصوبے کا 24 فروری 2025 کو افتتاح کیا۔ جو خوش آئند بات تھی۔ تاہم سریاب روڈ اور ملحقہ علاقے جگہ جگہ تا حال کچرے کے ڈھیر پڑے ہوئے ہیں۔ اور سرکاری ادارہ انہیں اٹھانے کی ذرا بھی زحمت نہیں کر رہا۔ اسی وجہ سے سریاب روڈ، قمبرانی روڈ، سریاب مل جیسے اہم علاقوں اور مین گزرگاہوں کے پبلک ایریا اور مین سڑکوں کے ساتھ ہر طرف کوڑا کرکٹ پڑا رہتا ہے۔ جو کسی گورنر، وزیراعلی، وزیر، سیکرٹری، کمشنر، ڈی سی، متعلقہ محکمہ کے کسی آفیسر یا علاقے کے کسی ایم پی اے، ایم این اے کو نہیں دکھائی دیتا۔ جب کہ مین روڈ کسی بھی شہر اور حکومت کا آئینہ ہوتا ہے۔ مگر سریاب روڈ کے دونوں طرف اور خود فٹ پاتھ پر کچرہ ہی کچرہ پڑا ہے۔ سریاب روڈ کی صفائی پر توجہ دینے کی بجائے روز شہر کا کچرہ لے کر کئی گاڑیاں سریاب روڈ سے گزر کر مشرقی بائی پاس پر جا کر پھینک آتے ہیں جو رہائشی علاقہ ہے اور وہاں تعمیر نو اسکول کالج بھی ہے۔ جبکہ سریاب روڈ پر کچرہ لے جانے والے گاڑیوں سے اتنا بدبو پھیلتا ہے کہ گاڑی جانے کے بعد بھی اس کے بدبو سے سانس لینا مشکل ہوتی ہے بلکہ انکی بدبو سانسوں کے ساتھ گلے میں اتر جاتی ہے۔ جو کہ ناقابل برداشت ہے۔ کاش، متعلقہ وزیر، سیکرٹری، کمشنر، ڈی سی، علاقے کے ایم پی اے ، ایم این اے، اور سینٹر خود کسی دن کھڑے ہو کر ان کچرے کے لے جانے والے گاڑیوں کی بدبو کو محسوس کرتے۔ تو انہیں پتہ چلتا عوام پر کیا گزرتی ہے۔ دوسری بات یہ کہ سریاب روڈ یا مشرقی بائی پاس نے پورے کوئٹہ کے کچرے کا ٹھیکہ تو نہیں اٹھایا۔ اب اس کے لے کچلاک کی طرف پہاڑوں میں کوئی جگہ مختص کی جائے۔ اور ڈور ٹو ڈور کچرہ کلکنش پر زور دیا جائے تا کہ کچرہ باہر گلیوں اور سڑکوں پر پھینکنے کی بجائے صفائی کرنے والے عملے کو دیا جائے۔ اور وہ رات کو اسے پھینک آئیں تا کہ دن کے وقت لوگوں کو تکلیف نہ پہنچے۔ اور کوئٹہ شہر ایک بار پھر صاف ستھرا اور خوبصورت نظر آئے۔

کوئٹہ کے اہم مسائل میں صفائی، سالڈ ویسٹ مینجمنٹ، میونسپل سروسز ہیں۔ سیکریٹری بلدیات جو اس جانب خصوصی توجہ مبذول کرنا ہوگا۔ اور میں تو کہتی ہیں چونکہ سب سے بڑا مسئلہ سب سے بڑی ضرورت اور چیلنج صفائی ہے۔ تو صوبے میں وزارت صفائی کا الگ محکمہ ہونا چاہیے۔ اور صوبائی حکومت کو چاہیے اس سلسلے میں کوئی ایپ لانچ کرے۔ جہاں شہری اپنے ایریا کے کچرہ اور صفائی کے حوالے سے شکایت درج کروا سکیں۔ تب ہی کوئٹہ صاف ہو سکتا ہے۔

صفائی نصف ایمان ہے، اور ایک صاف ستھرا کوئٹہ ہی ترقی یافتہ بلوچستان کی ضمانت ہے۔ ہمیں چاہیے کہ ہم سب مل کر اپنے شہر کو کچرے، آلودگی اور لاپرواہی سے پاک کریں۔ تا کہ نہ صرف یہاں موجودہ رہنے والوں بلکہ آنے والی نسلوں کے لیے ایک صحت مند، خوبصورت، خوشنما، روشن اور صاف ستھرا کوئٹہ چھوڑ سکیں۔